



کامیابی کے لیے منصوبہ بندی: ہائی اسکول سے کالج اور طرز معاش میں عبوریت کو اعانت فراہم کرنا

نیویارک شہر والدین / سرپرستوں کے لیے مددگار نکات

NYC Department of Education

کامیابی کے لیے منصوبہ بندی: ہائی اسکول سے کالج اور طرز معاش میں عبوریت کو اعانت فراہم کرنا

نیویارک شہر والدین / سرپرستوں کے لیے مددگار نکات

NYC Department of Education

چانسلر کی جانب سے خط

مکرمی خاندانوں:

ہمارے طلبا کی کالج اور طرزمعاش کی تیاری اب پہلے سے بھی زیادہ اہم ہے- اس ملک کی تقریباً 90 فیصد سب سے زیادہ تیز رفتاری کے بڑھنے والی ملازمتوں کے لیے ثانوی بعد تربیت درکار ہے- تعلیمی حصولیابی کے فوائد براہ راست نہ صرف پرمعنی طرزمعاش ہیں بلکہ ہمارے طلبا کے لیے مستقبل میں زیادہ آمدن بھی ہے-

ان وجوہات کی بنأ پر بحیثیت چانسلر، میری اولین ترجیحات میں سے ایک ترجیح یہ یقینی بنانا ہے کہ تمام تر نیویارک شہر پبلک اسکول طلبا کالج اور 21st صدی کے کاردستے کے لیے تیار ہوکر سندیافتہ ہوں- ہمارے تمام تر طلبا، بشمول معذوری کے حامل طلبا اور انگریزی زبان متعلمین کو ہائی اسکول کے بعد کی زندگی کے لیے تیار کرنے کے لیے محکمۂ تعلیم طالبانہ کام اور اساتذہ کے طریق عمل کو مستحکم بنانے کے واسطے اسکولوں، استاتذہ، اہل خانہ اور اجتمائی ممبران کے ساتھ باہم ملکر کررہا ہے-

حالیہ سالوں میں ہم نے اس معاملے میں نہایت پیش رفت کی ہے- مئیر بلومبرگ (Bloomberg) کے اپنے عہدے پر فائض ہونے سے قبل، نیویارک شہر کی سندیافتگی کی سطح دس سے زائد سال سے مسطح تھی- اس وقت کی 65 فیصد سندیافتگی کی شرح اب تک کی بہترین شرح ہے، بلکہ سٹی یونیورسٹی آف نیویارک کیمپسز میں پہلے بار فریشمن طلبا کی تعداد میں 9,000 سے زائد کا اضافہ ہوا ہے – 2002 میں 16,000 تھی اور 2009 میں 25,500-

لیکن جیسا کہ ہم سب جانتے ہیں، ہمارے لیے ابھی کافی کام باقی ہے- یہ نہایت اہم ہے کہ طلبا اور برادریاں طلبا کو انکی تعلیم کے ہر ایک مرحلے پر – پری کنڈرگارٹن سے لے کر ہائی اسکول تک سندیافتگی کے بعد کی زندگی کے لیے تیار کرنے کی سعی میں مکمل طور پر مصروفِ عمل ہوں-

یہ رہنما کتابچہ دیگر نیویارک شہر والدین کے ذریعے خاص طور پر آپکے لیے تحریر کیا گیا ہے جو اس تجربے سے گزر چکے ہیں جس میں سے آپ اس وقت گزر رہے ہیں- اس میں ان انتخابات اور اعانتوں کے متعلق قابل عمل تجاویز شامل ہیں جنکی آپکے بچے کو ہر سال ضرورت ہوگی- یہ ہمارے طلبا کی کالج اور طرز معاش کی تیاری کے تمام تر سفر میں شامل رہنے کے طریقے سیکھنے کے لیے والدین اور اہل خانہ کے لیے ایک نہایت مفید وسیلہ ہے- میں آپکی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ آپ اس رہنما کتابچے میں فراہم کردہ تجاویز اور حکمت عملیوں کو کلی طور پر استعمال کریں، اور اس وسیلے کو اپنے برادری میں دیگر افراد کے ساتھ بانٹیں- میں یہ بھی تجویز کرتا ہوں کہ آپ اپنے بچے کے رہنما مشیر اور اساتذہ کے ساتھ اسکے متعلق گفتگو کریں کہ آپ ساتھ ملکر کس طرح اپنے بچے کی مستقبل میں کامیابی کو یقینی بنا سکتے ہیں-

میں اس چیلنج کو پورا کرنے میں آپکے ساتھ کام کرنے کا متمنی ہوں اور آپکے بچوں کے لیے انکی مستقبل کی جدوجہد میں کامیاب ہونے کی خواہش کرتا ہوں-

بصد خلوص،

Dennis M Walcott

ڈینّس ویلکوٹ (Dennis M. Walcott)
چانسلر



آٹھ سال قبل جب میں نیویارک شہر محکمۂ تعلیم میں طلبا اندراج کی چیف ایکزیکیوٹیوٗ آفیسر تھی تو والدین، UFT ممبران اور اسکولی قائدین کا ایک گروہ بروکلن کے کچھ بائی اسکولوں میں بہت زیادہ بھیڑ پر بات چیت کرنے کے لیے ہمارے گروہ سے ملاقات کرنے کے لیے تشریف لایا- ہر ایک فرد اپنے اسکولوں اور انکے نمائندگان کی حمایت کرنے کے لیے پرعظم تھا؛ یہ ایک مؤثر گروہ تھا جو ہمارے بائی اسکولوں کی آبادیات کی بہت اچھی طرح نمائندگی کررہا تھا- جیسے جیسے ہم اندراج کے مسائل پر کام کرتے رہے، والدین (ان میں سے ایک ہمارے بائی اسکولوں کے رہنما مشیر تھے) کی ملاقاتیں جاری رہیں اور ہم اس گروہ کے ذریعے بائی اسکول کے والدین کے لیے اہم نشان زد کیے گئے دیگر مسائل کا بھی حل تلاش کرنے لگے- ہمارے پہلی بڑی اشتراک کا تنیجہ والدین کے لیے "بائی اسکول کو جاننا — والدین کے لیے مددگار نکات" نامی کتابچہ تھا- ہمارا کام سال بہ سال جاری رہا اور ہم نے اس گروہ کے ساتھ شراکت داری قائم کرلی تاکہ ہمارے دفتر کو بائی اسکول داخلہ سے متعلقہ والدین کے نظریہ سے معاملات سمجھنے میں مدد ہوسکے- بلآخر، 2010 کی ابتدأ میں والدین کے ایک ذیلی گروہ، جو ہماری مشاورتی کونسل بن گئے، نے دفتر برائے طالبانہ اندراج کو بائی اسکول داخلہ سفیران پروگرام شروع کرنے کا الہام مہیا کیا- یہ پروگرام تین سے زائد مہینوں میں ہر ہفتہ / اتوار کو منعقد ہوا اور اسے نے 53 والدین کو بائی اسکول داخلے کے طریق کار کے متعلق اول سے آخر تک سب کچھ سکھایا- ان والدین نے بائی اسکول داخلہ ورک شاپس اور بائی اسکول میلوں میں خدمات سرانجام دیں اور کچھ نے والدین کو اپنے اضلاع میں اس طریق کار کے متعلق بھی تجویز فراہم کیں-

جب سفیران کا کام جاری تھا، تو میں نے اور والدین کے اسی ذیلی گروہ نے کالج کی معلومات کے متعلق ایک کتابچہ تحریر کرنے پر گفتگو کی- دفتر برائے طالبانہ اندراج کے کچھ ممبران نے ایک معلومات جمع کرنے کے مرحلے میں والدین کے ساتھ ملکر کام کرنا شروع کردیا-

جب میں نومبر 2010 میں ملازمت سے فارغ ہوئی، تو میں نے اور والدین نے کتابچے کے خیالات کے لیے غوروخوض کرنے میں کافی وقت اور توانائی صرف کی، لیکن چونکہ اس میں کالج کی بات شامل تھی اور میں فارغ ہوچکی تھی، تو ہم نے سوچا کہ اس کو ملتوی کردیں- لیکن والدین جاری رہنے کے لیے خواہشمند تھے، اور ساتھ میں بھی-

ہم اپنے خیالات کو عملی جامہ پہنانے کے لیے ہفتہ وار ملاقاتیں کرنے لگے- ہم نے کالج کی تیاری اور اس عبوریت پر توجہ مرکوز کی جنکے متعلق والدین کو سوچنا ہوتا ہے جیسے جیسے انکے بچے مڈل اسکول سے بائی اسکول سندیافتگی کی جانب پیش رفت کرتے ہیں- ہمیں دفتر برائے ثانوی بعد تیاری کی امداد حاصل تھی-

یہ ایک خصوصی طور پر مفید تجربہ رہا ہے- ہر ایک والدین کے پاس "کہانی" کا ایک مختلف حصہ موجود تھا اور میں ایک صلاح کار اور مدیر کی حیثیت سے انہیں کتابچہ تیار کرنے، انکے خیالات کو چیلنج کرنے، اور ایک ایسا نتیجہ تخلیق دینے کے لیے کام کررہی تھی جس پر وہ سب فخر کرسکیں-

والدینی شراکت داریاں تعلیم سے متعلقہ ہمارے تمام کاموں کے لیے اہم ہیں- ہم سب اسکے شکرگزار ہیں کہ چانسلر ویلکاٹ (Walcott) نے یہ کام جاری رہنے دیا- دفتر برائے ثانوی بعد تیاری کا انکی اعانت کے لیے خاص شکریہ؛ یہ دفتر وسیع تر محکمۂ تعلیم کے ساتھ اس کام کا ناقدانہ جائزہ لینے میں اور بلآخر اس اہم کام کی اشاعت میں نہایت مؤثر ثابت ہوا-

جہاں تک میرا سوال ہے، اس والدینی گروہ کے ساتھ کام کرنا ایک عمدہ تجربہ رہا- خاص طور پر گذشتہ دو سال نہایت پرجوش رہے ہیں چونکہ اس کام کا میرے گذشتہ عہدے سے کوئی تعلق نہیں تھا اور اس نے مجھے والدین کے ساتھ معلومات جمع کرنے، اپنے تجربات جمع کرنے میں باہم ملکر کام کرنے اور والدین کے لیے والدین کا تحریر کردہ دستاویز تیار کرنے میں والدین کے ساتھ سیکھنے اور نشونما پانے کا موقع دیا-

بیورلی (Beverly)، کلوڈیٹ (Claudette)، موؤرا (Maura)، میئی (Mei)، مونیک (Monique)، مورٹی (Morty)، نینسی (Nancy)، اور روز (Rose) کا پرخلوص شکریہ اور ان سب کا بھی جنھوں نے اس کتابچے کو تیار کرنے اور تشکیل دینے میں کافی محنت کی- ہمیں عینی (Annie)، رمونا (Ramona) اور ٹریور (Trevor) کی بھی کچھ مدد حاصل تھی- تاہم، ہم نے اپنا زیادہ تر الہام ان ہزاروں والدین سے لیا جنہیں ہم جانتے ہیں اور جن کے ساتھ ہم نے سالوں تعامل کیا-

یہ خوشی کی خاطر انجام دینے والی سعی تھی-
ایلیزابتھ اے- سکیابارا (Elizabeth A. Sciabarra)

بنیادی والدینی حصہ دار



کلوڈیٹ اگارڈ (Claudette Agard)

میں ایک والدینی قائد بنی تاکہ میں نہ صرف اپنے بچوں کو کامیاب ہونے میں مدد کرسکوں، بلکہ انکے اسکولوں میں تمام بچوں کو امداد فراہم کرسکوں- میں نے یہ تعین کیا کہ اس ہدف کی تکمیل کا بہترین طریقہ والدین کو معلومات، علم اور اس فہم سے آراستہ کرنا ہے جنکی انکو اپنے بچوں کو اعانت فراہم کرنے میں ایک سرگرم کردار ادا کرنے کے لیے ضرورت ہے- میرے سالوں کے تجربے میں مڈل اسکول اور ہائی اسکول میں اسکولی سطح پر انجمن والدین کی صدر، برو آف من ہیٹن ہائی اسکول صدور کونسل کی صدر کے طور پر خدمت سرانجام دینے اور شہرپیما سطح پر چانسلر کی والدینی مشاورتی کونسل کی معاون چیئر پرسن کے طور پر خدمت سرانجام دینے شامل ہے- میں نیویارک ریاست محکمۂ تعلیم والدین مشاورتی کونسل کی والدینی ممبر بھی رہ چکی ہوں جس سے مجھے رجسٹریشن زیرِ نگرانی اسکول (SURR) کی کم از اکم پانچ ٹیموں میں خدمت کرنے کا موقع فراہم ہوا- میں فی الوقت بروکلن کے ضلع 17 کی اجتمائی تعلیمی کونسل کی صدر کے طور پر کام کررہی ہوں-



ایس- میئی چین (S. Mei Chan)

میں ایک نقل وطن فرد ہوں جس نے نیویارک شہر کے پبلک اسکولوں میں تعلیم حاصل کی- میرے بچوں کے تجربات کی بنأ پر میرا ماننا ہے کہ ہمارے بچوں کے لیے بہترین نتیجوں کے لیے ہمیں انکے اسکولوں میں سرگرم شراکت دار بننے کی ضرورت ہے- بروکلن ٹیکنیکل ہائی اسکول کی والدین ربط دہندہ کے کردار کے طور پر میرا کردار مجھے بچوں کی کامیاب نوجوانان بننے کے لیے پرورش سے متعلقہ مسابقتوں کی بصیرت بھی فراہم کرتا ہے- میں اس والدینی گروہ میں اس لیے شامل ہوئی تاکہ ہم پبلک اسکول والدین کے طور پر اپنے تجربات کا امتزاج کریں تاکہ ہم یہ معلومات مہیا کرسکیں کہ ہم نے بطور والدین کیا سیکھا ہے دیگر والدین کو اختیار دے سکیں جو مماثل صورتحال کا سامنا کررہے ہیں- اس گروہ میں دیگر والدین بمع ہماری صلاح کار لز سکیابارا (Liz Sciabarra) کے ساتھ کام کرنا میرے لیے باعث امتیاز ہے-



روز ڈیش (Rose Dasch)

میں نے اپنے ملازمت کے ابتدائی سالوں میں ہی اپنے بچوں کی تعلیم میں شرکت کرنے کی اہمیت کو چانچ لیا تھا تاکہ میں انکی درست سمت میں رہنمائی کرسکوں- میں اپنے بچوں کے ایلیمنٹری، مڈل اور ہائی اسکولوں کی انجمن والدین میں خزانچی اور پھر صدر رہ چکی ہوں- مجھے صدر کونسل سے ضلع 22 قیادتی ٹیم اور چانسلر کی والدینی مشاورتی کونسل کے لیے والدینی نمائندے کے طور پر منتخب کیا گیا تھا- میں اب ایڈورڈ آر- مرو ہائی اسکول کی والدین ربط دہندہ ہوں اور اس عہدے پر گذشتہ نو سالوں سے فائض ہوں- والدین کو اپنے بچوں کو انکی تعلیمی راہ پر امداد فراہم کرنے کے لیے باخبر فیصلہ ساز بننے کے لیے اہم معلومات حاصل کرنے میں مدد درکار ہے- یہ کتابچہ کالج کی تیاری اور دونوں مڈل اور ہائی اسکول گریڈز کی توقعات کے متعلق ہمارے بتہرین مشوروں کو دیگر والدین کے ساتھ بانٹتا ہے-



مونیک لنڈزے (Monique Lindsay)

میں ایسے دو بیٹوں کی تن تنہا والدہ ہوں جن میں سے ایک بروکلن کے پبلک ہائی اسکول میں درج ہے- مجھے اسکا اندازہ ہے اچھی تعلیم حاصل کرنا کتنا ضروری ہے، اور میں اپنے بیٹے کو یہ سمجھانے میں کافی محنت کررہی ہوں کہ اس وقت کی گئی محنت اسے ہائی اسکول کی تکمیل پر کالج اور طرز معاش کے لیے تیار ہونے کی راہ پر ڈالے گی- میں 2008 سے ایک والدینی قائد ہوں اور والدینی شمولیت کی تمام سطوح پر حصہ دار رہی ہوں- میں نے انجمن والدین / والدین استاد انجمن، اسکول قیادتی ٹیموں، زمرہ 1 والدینی مشاورتی کونسلوں، ضلع اور برو صدور کونسلوں، ضلع قیادتی ٹیموں اور چانسلر کی والدینی مشاورتی کونسل پر خدمات سرانجام دیں ہیں- میں مڈل اور ہائی اسکولوں کے لیے تعلیمی قائد، ہائی اسکول داخلہ سفیر، اور اپنے گرجا گھر کی وزارتِ تعلیم کی فعال رکن ہوں- میں یونائٹڈ فیڈریشن آف ٹیچرز والدینی بازیابی کمیٹی کی رکن، اور والدینی مشاورتی کونسل برائے ہائی اسکول کی رکن بھی ہوں- یہ کتابچہ ان معلومات سے بھرپور ہے جنکی ہمارے بچوں کو ایک کامیاب اسکولی تجربے کے لیے بہترین راستے پر رہنمائی کرنے کے لیے ضرورت ہے-



بیورلی مارشاک (Beverly Marshack)

میں اپنے بچوں کی تعلیم میں 1989 سے شامل ہوں جب میرا پہلا بچہ پری کنڈرگارٹن میں درج ہوا- ابتدائی طور پر میں کلاس روم کے پچھلے حصے میں اشیأ کو کاٹتی اور چپساں کرتی یا کلاس کے دوروں پر جاتی- ایک شہرپیما کردار میں کام کرنے کے میرے اول موقع کے طور پر میں نے اپنے ضلع کی زمرہ I اجلاسات میں نمائندگی کی- اسکے بعد مجھے شہرپیما تعلیمی کونسل برائے ہائی اسکول میں منتخب کرلیا گیا جہاں میں نے کئی سال خدمت سرانجام دی- 2004 کے اندر میں UFT والدینی بازیابی کمیٹی کی ہائی اسکول ذیلی کمیٹی کی سرگرم رکن بنی جو محکمۂ تعلیم (DOE) کے عملے، والدین، اساتذہ، اور رہنما مشیران کی مرتکز گروہوں میں ملاقات کراتی تھی- اس نے 2005 میں DOE دفتر برائے طالبانہ اندراج کے ساتھ "ہائی اسکول کے بارے میں جاننا – والدین کے لیے مددگار نکات" کو تشکیل دیا- 2010 میں DOE دفتر برائے طالبانہ اندراج نے "والدینی سفیران" کی ایک جمعیت کو ہائی اسکول داخلے کے طریقے کے متعلق تربیت فراہم کی- میں والدین کی ایک دوسرے کے ساتھ اپنے بچوں کی تعلیم کے متعدد پہلوؤں کو بانٹتے میں اس کتابچے کو مماثل نظروں سے دیکھتی ہوں-



مورٹی مارشاک (Morty Marshack)

میں برونکس اور کوئنز کے پبلک اسکولوں کا پرفخر سندیافتہ ہوں، اور پبلک تعلیم میں پرجوش یقین رکھتا ہوں- جنوبی برونکس کے ایلیمنٹری اسکول میں تین سالہ معلمی کے بعد میں نے بحیثیت وکیل ایک نئے طرز معاش کو اپنایا- میں اسکا مشکور ہوں کہ میرے بیٹوں نے نیویارک شہر کے اسکولوں میں اچھی تعلیم حاصل کی- انکی تعلیمی پیش رفت پر گہری نظر رکھنے کے لیے میں دونوں موسم خزاں اور بہار کی ہر ایک والدین - استاد کانفرنسوں، اور تمام واقفیتی اجلاسات اور اوپن ہاوز نشستوں میں شرکت کرتا- اسکے نتیجے میں، میں اپنے بیٹوں سے انکے اسکول کے کام کے بارے میں بات چیت کرنے اور مسائل پیدا ہونے پر انہیں تجویز فراہم کرنے کے لیے تیار تھا- میں داخلے کے طریق عمل، اسکولوں اور اسکولی میلوں کے دوروں، اور اپنے بیٹوں کو کالج کی درخواست کے طریق عمل کو منظم کرنے میں مدد مہیا کرنے میں ایک مشتاق شراکت دار تھا- یہ کتابچہ ان بہت سی کاموں پر روشنی ڈالتا ہے جنکو میں نے یہ یقینی بنانے کے لیے تکمیل کیا کہ میرے بچے کالج اور طرز معاش کی راہ پر کامیاب ہوں-



موؤرا مکگورن (Maura McGovern)

میں نظام کے والدین کے ساتھ اس وقت سے قبل بھی سرگرم تھی جب میرے دو بچے پبلک ایلیمنٹری اور ہائی اسکول میں درج ہوئے- میں نے والدین کو اپنے بچوں کو کامیاب ہونے میں مدد کرنے کے متعلق معلومات جمع کرنے کے لیے پریشان کن پایا- ایک استاد اور رہنما مشیر کی حیثیت سے میں انکی مدد کرتی، کبھی کبھار مختلف اسکولوں کے بچوں کے والدین کے سوالات کے جواب بھی فراہم کرتی- انفرادی اسکولوں میں وسیع تر پیمانے پر باآسانی دستیاب معلومات (یا انکی عدم موجودگی) حیرت انگیز ہے- ہمارے طلبا کے خاندانوں کے متفرق پس منظر انکی ضروریات کی تکمیل کو کافی مسابقت طلب بناتے ہیں- بہت سے خاندان نیویارک کے نظام سے واقف نہیں- یہ شہر سے باہر، ریاست سے باہر یا ملک سے باہر سے تشریف لاتے ہیں- کچھ ٹکنالوجی میں بوشیار ہوتے ہیں اور کچھ انگریزی میں گفتگو بھی نہیں کرسکتے- ان تمام کو مستحکم معلومات درکار ہیں تاکہ وہ اس طریقے سے اعانت فراہم کرسکیں جنکی انکے بچوں کو کامیاب ہونے کے لیے ضرورت ہے- میں تمام والدین اور سرپرستوں کے لیے رہنما کتابچے منظم کرنے، اسکی توضیح اور اشاعت کرنے میں امداد فراہم کرنے کے لیے اپنا وقت، اپنی جدوجہد صرف کرکے بخوشی یہ یقینی بنانے کی سعی کا حصہ ہوں کہ والدین کو اپنے بچوں کے متعلق درکار اہم معلومات تک رسائی حاصل ہو-



نینسی شیر (Nancy Sher)

میں خوابرانہ جڑواں کی تن تنہا والدہ ہوں جو فی الوقت نیویارک شہر پبلک اسکول نظام میں ہائی اسکول میں سوفمور کی حیثیت سے درج ہیں- میں نے ہائی اسکول داخلہ طریق عمل کو جتنا پریشان کن پایا، اتنا ہی حوصلہ شکن پایا- اس کتابچے کو میرے جیسے والدین نے تشکیل دیا ہے جو اپنے بچوں کو عمدہ تعلیم فراہم کرنا چاہتے ہیں، اور انکی یہ آرزو ہے کہ انکے بچے ایسے کالج یا یونیورسٹی میں درج ہوں جو انہیں چیلنج کریں اور مستقبل کی جائے ملازمت کے لیے تیار کریں- یہ ایک ایسا کتابچہ ہے جو ان ضروریات اور علم کی عکاسی کرتا ہے جنکی تمام والدین کو اپنے بچے کی تعلیم اور طرزمعاش کی اقتدار کو تعاون فراہم کرنے کے لیے ضرورت ہے- مجھے امید ہے کہ اس کتابچے میں پیش کیا گیا ہمارا اجتمائی تجربہ اپنے بچے کی جانب آپکی سعی کے لیے مفید ثابت ہوگا-

ابتدائی شراکت دار: ٹریور بوز (Trevor Bowes)، رمونا فلوئڈ (Ramona Floyd)، عینی لیئنگ (Annie Leung)

تعارف

ہم ایسے والدین ہیں جنہوں نے یہ کتابچہ **آپکے** – یعنی دیگر والدین، سرپرستوں اور نگہداشت فراہم کنندگان کے لیے تحریر کیا ہے جو اپنے بچوں کو گریڈ 6 تا گریڈ 12 میں انکے تعلیمی سفر میں اس طرح اعانت فراہم کرتے ہیں جس طرح ہم نے کرنا سیکھا- اسے آپکے بچوں کو انکی اسکولی معیاد کے لیے ہر ایک مقامِ ترقی کے لیے تیار ہونے میں مدد کرنے کے طریقے کے متعلق مشورے اور معلومات فراہم کرنے کے لیے تزئین کیا گیا ہے- ہم نے یہ ظاہر کرنے کے لیے اپنے تجربات استعمال کرنے کی کوشش کی ہے کہ آپ ایک مقامِ ترقی سے دوسرے، مڈل سے ہائی اسکول اور پھر کالج اور طرز معاش کے مواقع تک پہنچنے میں اپنے بچے کی پیشرفت میں کس طرح مدد کرسکتے ہیں- ہم نے یہ سیکھا ہے کہ تمام طلبا کو یہ سمجھنے کی ضرورت ہے کہ وہ کالج اور کاردستہ مواقع کی مسابقتوں کے لیے کس طرح تیار ہوں- ہم نے یہ بھی سیکھا ہے کہ یہ تیاری ہائی اسکول سے پہلے شروع ہوجانی چاہیے؛ جتنا جلدی، اتنا بہتر ہے- ہم نے مڈل اسکول کے سالوں سے ہائی اسکول تک توجہ مرکوز کرنے کا فیصلہ کیا ہے- ان سالوں کے دوران، 13 سال کی عمر سے کم (پری ٹین) اور 13 سال سے زائد العمر (ٹین ایجرز) طلبا کے ساتھ کام کرنا ہم سب کے لیے ایک مسلسل آموزشی تجربہ ہے- ہم نے یہ سیکھا ہے کہ طلبا کو مڈل اسکول اور ہائی اسکول کی معیاد کے دوران تیار کرنے سے انکو کالج اور طرزمعاش کے متعلق بہتر فیصلے کرنے میں مدد ملتی ہے- اچھی تعلیمی تیاری اور پیشگی منصوبہ بندی کے ذریعے ہم یہ یقینی بنا سکتے ہیں کہ ہمارے بچوں کے پاس ہائی اسکول کے بعد انتخابات کی زیادہ سے زیادہ تعداد موجود ہو، بشمول دو یا چار سالہ کالج (جو سرٹیفیکٹ، لائسنس، اور اسوسیئیٹ یا بیچلرز ڈگری فراہم کریں)، تکنیکی یا پیشہ ورانہ پروگرامز، شاگردی، یا ملازمت پر تربیت- جیسے جیسے ہمارے بچے مڈل سے ہائی اسکول میں اور پھر ہائی اسکول سے کالج میں پیش رفت کرتے ہیں، ہم جانتے ہیں کہ وہ اپنے لیے گئے کورسز اور ساتھ میں اسکولی کام کے تعیں اپنے رویے سے کافی متاثر ہوتے ہیں-

کالج اور طرز معاش کی تیاری:

یہ کیا ہے اور یہ تمام طلبا کے لیے کیوں ضروری ہے

کالج کی تیاری کا نام صرف ہائی اسکول ڈپلوما حاصل کرنا نہیں- ہم "کالج کے تیاری" کے فقرے استعمال اس معنوں میں کرتے ہیں کہ طالب علم کے پاس کالج کے کورسز کو کامیابی سے مکمل کرنے کے لیے درکار علم، صلاحیتیں اور طرز عمل موجود ہے- کچھ بنیادی صلاحیتوں اور طرز عمل کو اس کتابچے میں بیان کیا گیا ہے-

مڈل اسکول سے شروع، یہ یقینی بنانے کے لیے آپکے بچے کو ایک تعلیمی راہ پر چلنا ہوگا کہ وہ خصوصی مدد کے محتاج طلبا کی کلاسیں لیے بغیر کالج میں اندراج کروائے- خصوصی مدد کے محتاج طلبا کی کلاسیں، ایسے طلبا کے لیے بنیادی صلاحیتوں کے کورسز ہوتے ہیں جو کالج سطح کورسز کے لیے ٹھیک سے تیار نہیں ہوتے- خصوصی مدد کے محتاج طلبا کی کلاسیں ایسے طلبا کے لیے مطلوب ہیں جو کالج کی تقرری کے امتحانوں پر اعلٰی اسکور حاصل نہیں کرتے- ان کورسز کے کریڈٹس نہیں ہوتے لیکن انکا خرچ برداشت کرنا پڑتا ہے- اور، کالج کی تیاری، نصابی کام مکمل کرنے سے مزید کا تقاضہ کرتی ہے- اسکے علاوہ، آپکے بچے کو کام کرنے کی عادات، مطالعے کی صلاحیتیں اور باہمی روابط اور سماجی صلاحیتوں کو، جسے ہم تعلیمی طرز عمل کہتے ہیں، مستحکم بنانا ہوگا- یہ طرز عمل طالب علم کو اس اعلٰی سطح پر کارکردگی کا مظاہرہ کرنے میں مدد دے گا جو اسکول بعد نمایاں انتخابات تخلیق دینے کے لیے ضروری ہے-

اعلٰی تعلیمی سطوح آمدنی کے مواقع کو بڑھوتری دیتی ہیں

زیادہ تر تیز رفتاری سے پیدا ہونے والی 21st صدی کی ملازمتیں ہائی اسکول کے بعد کی تعلیم کا تقاضہ کرتی ہیں-

تعلیمی سطوح پر مبنی اوسط آمدنی:	
ہائی اسکول ترک کردیا	$23,088
ہائی اسکول ڈپلومہ	$32,552
2 سالہ کالج ڈگری	$39,884
4 سالہ کالج ڈگری	$53,976
پیشہ ورانہ ڈگری	$83,720

Source: U.S. Department of Labor, U.S. Bureau of Labor Statistics, 2011.

آج کل طرز معاش کے انتخابات نہایت مختلف ہیں- ہماری دنیا کی حرکت اختراع اور ٹکنالوجی پر مبنی ہے- ملازمتیں، پیشے اور طرز معاش یہ تقاضہ کرتے ہیں کہ ہائی اسکول کے بعد کم از کم مخصوص متخصص تربیت لی گئی ہو، جبکہ بہتر آمدنی والی ملازمتیں کالج اور کالج کے بعد کی ڈگری کا تقاضہ کرتی ہیں- دوسرے الفاظ میں، صرف ہائی اسکول کی تعلیم رکھنے والے طالب علم کے پاس کم مواقع ہوں گے- زیادہ تعلیم کا نتیجہ ذیلی ہوگا:

- زیادہ اور بہتر ملازمتی انتخابات اور مواقع
- زیادہ آمدنی کا امکان
- روزگار اور ملازمت میں استقلال کے مزید امکانات
- زیادہ مراعات، جیسے صحتی بیمہ
- ملازمتی مارکٹ میں زیادہ مسابقتی انتخابات

والدین / سرپرست کی شمولیت

بطور والدین، ہم اپنے بچے کے تعلیمی سفر کو اہم طریقے سے متاثر کرسکتے ہیں- ہمارے پاس تعلیم کی قدر و اہمیت کے متعلق اپنے بچوں کے رویے اور نقطۂ نظر کو سانچے میں ڈھالنے کی طاقت ہے- جیسے جیسے ہمارے طلبا نشونما پائیں اور تعلیم حاصل کریں گے، وہ اپنی تعلیم میں ایک بڑا کردار ادا کرسکتے ہیں اور انہیں ایسا کرنا چاہیے-

تعلیمی اور ذاتی طرز عمل

یہ ضروری ہے کہ ہم ان افعال یا طرز عمل سے واقف ہوں جنکی ہمارے بچوں کو اسکول میں کامیاب ہونے کے لیے ضرورت ہے- ہم ان افعال کو "تعلیمی اور ذاتی طرز عمل" کہتے ہیں-

اہم طالبانہ طرز عمل / صلاحیتیں (تعلیم اور طرزمعاش میں کامیابیوں سے مربوط ہیں)	نمونہ طالبانہ طرزعمل (کیا آپکا بچہ "کامیاب" طلبا کی ظاہری عادات کی پیروی کرتا ہے؟)	والدینی حکمت عملیاں (بمع مماثل گریڈ یا ایک / دو سال آگے کے بچوں کے والدین اور ایجنسیوں سے مدد و مشورہ طلب کرنا)
باقاعدہ حاضری	ماسوا جب بہت زیادہ بیمار ہو، کیا بچہ بغیر مخالفت کے اسکول جاتا ہے؟ جب اسکول کھلا ہو تو بچے نے کبھی بھی "چھٹی" کا دن ہونے کا دعوی نہیں کیا۔	DOE ویب سائٹ، والدین ربط دہندہ یا رہنمائی دفتر سے اسکولی کیلنڈر حاصل کریں۔ تعطیلات، امتحانات، آدھے دن اور والدین - استاد کانفرنسوں کی تواریخ نوٹ کریں۔
پابندیٔ وقت	کیا بچہ تمام تقریبات کے لیے وقت پر تیار ہوتا ہے؟ کیا وہ سفر میں تاخیر کی صورت میں گھر سے 15 منٹ پہلے نکلتا ہے؟	اسکولی سامان اور جیکٹ تک آسان رسائی کے لیے ان اشیأ کی جگہ دروازے کے پاس مقرر کریں۔ شام میں یہ یقینی بنائیں کہ لباس، اسکول بیگ اور درکار دستاویزات اگلے دن کے لیے تیار ہیں۔
تعاون / اشتراک	کیا بچہ ہوم ورک اور دوسرے پروجیکٹس پر دوسروں کے ساتھ کام کرتا ہے؟ کیا بچہ گروہی کام کرتے ہوئے اپنا جائز حصہ مکمل کرتا ہے؟	گھر پر بچے کو عمر کے متناسب ایسا کام دیں جسے کسی دیگر فرد کے ساتھ کرنا ضروری ہو۔ کلاس کے ہمسروں کی ایک "فون کی کتاب" تیار کرنے میں مدد کریں۔ پروجیکٹس پر کام بانٹنے کے لیے اپنے بچے کے دستوں کا اپنے گھر میں استقبال کریں۔
مؤثر ابلاغ	کیا بچہ جواب دیتا ہے یا اضافی معلومات طلب کرتا ہے؟ کیا بچے کا کلام واضح ہے اور وہ ایسے الفاظ کا استعمال کرتا ہے جنکو سمجھنا آسان ہو؟	بات کرتے وقت دوسرے فرد سے نظریں ملائیں، بشمول اپنے بچے کے ساتھ۔ ہدایات دیتے ہوئے زیادہ سے زیادہ واضح ہوں۔ ذخیرۂ الفاظ بڑھانے کے لیے مطالعہ کرنے کی حوصلہ افزائی کریں۔

(گذشتہ صفحے سے جاری)

اہم طالبانہ طرز عمل / صلاحیتیں (تعلیم اور طرزمعاش میں کامیابیوں سے مربوط ہیں)	نمونہ طالبانہ طرزعمل (کیا آپکا بچہ "کامیاب" طلبا کی ظاہری عادات کی پیروی کرتا ہے؟)	والدینی حکمت عملیاں (بمع مماثل گریڈ یا ایک / دو سال آگے کے بچوں کے والدین اور ایجنسیوں سے مدد و مشورہ طلب کرنا)
اپنے اور دوسروں کے لیے احترام	کیا بچہ دوسروں کی بات سنتا ہے اور خلل اندازی نہیں کرتا؟ کیا بچہ گھر پر، کھیلوں میں اور اسکول پر قوانین کی پیروی کرتا ہے؟	اپنے بچے کو یہ دکھائیں کہ **آپ** لوگوں کی بات سنتے ہیں؛ اپنی بات کہنے کے لیے جلدبازی نہ کریں۔ اپنے بچے کے ساتھ مسئلے پر بات چیت کریں؛ معاملے کی دونوں جانب بیان کریں۔
قابل اعتماد: عہد اور ذمہ داریوں کو پورا کرنا	کیا بچہ بہت زیادہ یاددہانی کے بغیر کام کرتا ہے؟ کیا بچہ وعدے کے مطابق کام مکمل کرتا ہے؟ کیا بچہ آپکو اسکولی اطلاعات بن مانگے مہیا کرتا ہے؟	اپنے بچے کے ساتھ، کسی بھی مخصوص مفوضہ کام کے پروجیکٹ کے لیے تمام اقدامات تحریر کریں۔ جیسے جیسے بچہ مرحلے پار کرتا ہے، جانچ فہرست پر ان کے ساتھ چیک کا نشان لگا دیں۔ تمام اسکولی اطلاعات کے لیے ایک جگہ مقرر کریں تاکہ آپکے بچے کو یہ معلوم ہو کہ انہیں کہاں رکھنا چاہیے۔ (یہ یقینی بنائیں کہ اس جگہ کو روزانہ خالی کریں۔)
مطالعاتی صلاحیتیں: تعلیمی مواد کے فہم کو بہتر کرنے کے لیے کام کرنے، مفوضہ کام پر توجہ دینے اور زبانی اور تحریری کام میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کی قابلیت	کیا بچہ کلاس نوٹس کی روزانہ نظرثانی کرتا ہے؟ کیا بچہ متن کی کتاب (یا استاد کے ذریعے فراہم کردہ دیگر مواد) گھر پر استعمال کرتا ہے؟ کیا بچہ سیل فون، ٹی وی یا کمپیوٹر (ماسوا جب مفوضہ کرنا مکمل کرنے کے لیے درکار ہو) کے بغیر اپنا مفوضہ کام مکمل کرتا ہے؟	اپنے بچے کے لیے ہر شب کا ہوم ورک مکمل کرنے کے لیے جگہ مخصوص کریں۔ نوٹ بکس کو صفائی کے لیے چیک کریں۔ موضوعات کو علیحدہ سیکشن میں ہونا چاہیے اور کام کو تاریخ کے لحاظ سے ترتیب دینا چاہیے۔ اپنے بچے کو روزانہ کا سبق آپکو سمجھانے کے لیے کہیں۔ اپنے بچے کی ایک اسکول / ہوم ورک منصوبہ ساز کیلنڈر تیار کرنے میں مدد کریں۔ یہ یقینی بنائیں کہ آپکا بچہ تمام تعلیمی موضوعات کا مطالعہ کرے اور کسی بھی کلاس کے ہوم ورک کے مفوضہ کام سے غافل نہ ہو۔ سب سے دشوار ہوم ورک کو پہلے، نہ کے آخر میں مکمل کرنے کی حوصلہ افزائی کریں۔

(گذشتہ صفحے سے جاری)

اہم طالبانہ طرز عمل / صلاحیتیں (تعلیم اور طرزمعاش میں کامیابیوں سے مربوط ہیں)	نمونہ طالبانہ طرزعمل (کیا آپکا بچہ "کامیاب" طلبا کی ظاہری عادات کی پیروی کرتا ہے؟)	والدینی حکمت عملیاں (ہم مماثل گریڈ یا ایک / دو سال آگے کے بچوں کے والدین اور ایجنسیوں سے مدد و مشورہ طلب کرنا)
کام سے متعلقہ اخلاقیات: کام کو مکمل طور پر اور بروقت مکمل کرنے کی خواہش، چاہے کام دشوار یا بیزار کرنے والا ہو	کیا بچہ یاددہانی کے بغیر کام شروع کردیتا ہے؟ کیا بچہ مفوضہ کام روزانہ مکمل کرتا ہے؟ کیا بچہ طویل معیادی پروجیکٹس پر انکی آخری تاریخ سے کافی پہلے پیش رفت کرتا ہے؟	اپنے بچے کی مفوضہ کام وصول ہوتے ہی اسکو شروع کرنے کی حوصلہ افزائی کریں- ہر بار اپنی بہترین کوشش کرنے کی ضرورت پر زور دیں- گھر پر روزانہ مطالعہ کرنے کا وقت نکالیں-
تحریک: اضافی تعلیمی تقویت طلب کرنا	کیا بچہ غیرنصابی سرگرمیوں میں شرکت کرتا ہے؟ کیا بچہ شہر کے ثقافتی اداروں کا دورہ کرتا ہے؟	اسکول یا برادری میں کلبز کا حصہ بن کر اپنے بچے کی مختلف دلچسپیوں کی تحقیق میں مدد کریں- لائبریریوں، میوزئیم، تاریخی مقامات، وغیرہ کے خاندانی دوروں کا انتظام کریں-
خود عکاسی: مستحکم اور کمزور پہلوؤں کے ساتھ ساتھ متعدد نوعیتوں کے ماحول میں کام کرنے کے بہترین طریقوں کی شناخت کی قابلیت؛ صلاحیتوں کو بہتر کرنے کے لیے تیار ہونا	اگر آپکے بچے نے کوئی طرز معاش کے ابداف بیان کیے ہیں تو کیا یہ انکی بہترین صلاحیتوں کو میچ کرتے ہیں؟ (مثال کے طور پر طبی طرز معاش میں دلچسپی رکھنے والے طالب علم کی سائنس اور ریاضی میں اچھی کارکردگی ہونی چاہیے) کیا بچہ سب سے کٹھن ہوم ورک پہلے، اور "آسان" موضوعات اسکے بعد مکمل کرنے کی کوشش کرتا ہے؟ آپکے بچے کو اس وقت تک اس ترتیب کو تبدیل کرنا چاہیے جب تک وہ اپنے لیے سب سے بہترین، وقت کے لحاظ سے سب سے زیادہ مؤثر یا پرسکون طریقہ تلاش نہ کرلے-	اپنے بچے کو مطالعہ کے وقت اور جگہ کی ساخت بنانا کے مختلف طریقے آزمانے میں مدد کریں- اسکی شناخت کریں کہ بچے کو کب مدد کی ضرورت ہے- مدد کے لیے آگے بڑھیں- درخواستوں کو ایک عام تعلیمی طریق عمل کے حصے کے طور پر قبول کریں- بریک لینے، اسنیک نوش کرنے اور موسیقی کی بھی اجازت دیں اگر اس سے آپکے بچے کو توجہ دینے میں مدد ہوتی ہے-

(گذشتہ صفحے سے جاری)

اہم طالبانہ طرز عمل / صلاحیتیں (تعلیم اور طرزمعاش میں کامیابیوں سے مربوط ہیں)	نمونہ طالبانہ طرزعمل (کیا آپکا بچہ "کامیاب" طلبا کی ظاہری عادات کی پیروی کرتا ہے؟)	والدینی حکمت عملیاں (بمع مماثل گریڈ یا ایک / دو سال آگے کے بچوں کے والدین اور ایجنسیوں سے مدد و مشورہ طلب کرنا)
تحریر: خیالات کو منظم کرنا، وسیع ذخیرۂ الفاظ کا استعمال کرنا، ادارت کرنا اور تبصرات شامل کرنے کے لیے دوبارہ تحریر کرنا؛ درست قواعد زبان، بجے اور استعمال سے خیالات کو واضح طور پر پیش کرنا	کیا بچہ طویل کاموں کے لیے اہم نکات تیار کرتا ہے، پھر اسکی ترمیم، ابتدائی خاکہ تحریر کرتا اور دوبارہ ترمیم کرتا ہے؟ حتمی خاکے کو استاد کے لیے تحریر یا ٹائپ کرنے سے قبل اسے بجے اور قواعد زبان کی غلطیوں کے لیے چیک کرنا چاہیے-	اپنے بچے سے روزانہ مطالعہ کرنے کی گزارش کریں- اس سے انکے ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ ہوتا ہے- اپنے بچے کے ساتھ مفوضہ کام کے ابتدائی خاکی کی نظرثانی کریں؛ بچے سے اسے بہتر کرنے کی تجاویز کرنے کو کہیں- خاکے کو کسی ایسے شخص کو دکھائیں جو اس موضوع کے متعلق جانتا ہو- یہ یقینی بنائیں کہ آپکے بچے کا کام کسی دوست کے کام یا ویب سائٹ کی نقل نہیں ہے-
تجزیہ: اعداد و شمار اور دیگر معلومات کا جائزہ لینے، بیانات کا موازنہ کرنے، چارٹ اور معلومات کی وضاحت کرنے اور خلاصہ مہیا کرنے کی قابلیت	کیا بچہ حقائق، خیالات اور رائے کے مابین کے فرق کو سمجھتا ہے؟ دو یا زائد معلومات کے جز فراہم کیے جانے پر کیا بچہ ہر علیحدہ "حقیقت" کی شناخت کرسکتا ہے اور کیا وہ بیان کرسکتا ہے کہ کس طرح یہ ایک دوسرے سے مماثل یا مختلف ہیں؟	اخباروں اور رسالوں میں ٹیبل، چارٹ اور گراف کی نشاندہی کرنا- اپنے بچے سے آپکو کسی گراف یا ٹیبل کی وضاحت کرنے کو کہنا-
ترجمانی: حقائق پر مبنی جوابات میں منطق / استدلال کے استعمال کرنا؛ مماثلت اور افراق کو جاننا	کیا بچہ کسی مخصوص فعل کے نتیجے کی نشاندہی کرسکتا ہے؟ اگر برف پڑتی ہے تو کسی کو اسے بیلچے سے ہٹانا ہوگا!)	اپنے بچوں سے ایسے سوالات پوچھیں جو حقیقی یا تفصیلی جواب طلب کریں؛ صرف ہاں یا نہ کا جواب نہیں- کام کی نظرثانی کرتے ہوئے اپنے بچے سے پوچھیں کہ آیا جواب کو زیادہ مکمل کرنے کے لیے کسی اور چیز کا اضافہ کیا جاسکتا ہے-

(گذشتہ صفحے سے جاری)

اہم طالبانہ طرز عمل / صلاحیتیں (تعلیم اور طرزمعاش میں کامیابیوں سے مربوط ہیں)	نمونہ طالبانہ طرزعمل (کیا آپکا بچہ "کامیاب" طلبا کی ظاہری عادات کی پیروی کرتا ہے؟)	والدینی حکمت عملیاں (بمع مماثل گریڈ یا ایک / دو سال آگے کے بچوں کے والدین اور ایجنسیوں سے مدد و مشورہ طلب کرنا)
درستگی اور صداقت: معلومات کے مسلسل دوبارہ جائزے کے بعد مخصوص، حقائق پر مبنی جوابات فراہم کرنا	کیا بچہ سوال کے جواب میں مخصوص اشیأ یا حقائق کی مختصر فہرست فراہم کرتا ہے؟ کیا بچہ مطالعے یا تحقیق کے بعد فہرست میں دیگر اشیأ کا اضافہ کرسکتا ہے؟	اپنے بچوں سے ایسے سوالات پوچھیں جو حقیقی یا تفصیلی جواب طلب کریں؛ صرف ہاں یا نہ کا جواب نہیں۔ کام کی نظرثانی کرتے ہوئے اپنے بچے سے پوچھیں کہ آیا جواب کو زیادہ مکمل کرنے کے لیے کسی اور چیز کا اضافہ کیا جاسکتا ہے۔
مسائل حل کرنا: مسائل حل کرنے کے لیے مختلف حکمت عملیوں کا استعمال اور سب سے زیادہ مناسب کا انتخاب کرنا؛ اختراع کے ساتھ سوچنا اور حکمت عملیوں کو مطابق بنانا یا نئی کو تشکیل دینا	جب کوئی کام تفویض کیا جائے، کیا بچہ معلومات جمع کرنے کے مختلف طریقے آزماتا ہے جیسے متن کی کتاب، انسائکلوپیڈیا، کمپیوٹر تحقیق، اخبار، اخباری رسالہ یا دیگر اشاعت؟ بچے کو انکا انتخاب کرنا چاہیے جنکے پاس مفوضہ کام تکمیل دینے کی بہترین معلومات ہوں۔	اپنے بچے کے ساتھ یہ معلومات بانٹیں کہ آپ اپنے روزمرہ کے کاموں کو مکمل کرنےکا فیصلہ کس طرح کرتے ہیں (ترجیح دینے کا طریقہ)؟ کام کرنے کے مختلف طریقوں پر روشنی ڈالیں۔ یہ واضح کریں کہ آپ نے اپنے لیے "بہترین طریقے" کا فیصلہ کسطرح کیا۔

تعلیمی طرزعمل کو اس وقت تقویت فراہم ہوتی ہے جب والدین اسکول کے ساتھ شراکت داری بن کر کام کرتے ہیں- بطور والدین، ہمیں اسکول کو اپنی تشویشات سے آگاہ کرنا چاہیے، اسکول سے یہ سمجھنے میں مدد طلب کرنی چاہیے کہ ہمارے بچوں کو کامیاب ہونے کے لیے کس چیز کی ضرورت ہے، اور ہمارے بچوں کو ممکنہ طور پر بہترین تعلیم حاصل کرنے میں مدد کرنے کے لیے ساتھ ملکر کام کرنے کے طریقے نکالنے چاہیئیں- ہم نے یہ دریافت کیا ہے کہ پری کنڈرگارٹن سے گریڈ 12 تک والدین - استاد کانفرنسوں میں حاضری نہایت اہم ہے- یہ آپکے بچے کو ایک اہم پیغام بھیجتا ہے کہ ہم انکے بارے میں پروا کرتے ہیں اور اسکول کو بھی ایک قوی پیغام بھیجتا ہے کہ ہم اپنے بچوں کی بہتری کے طلبگار ہیں-

مشترکہ بنیادی تعلیمی معیارات

نیویارک ریاست نے حال میں تعلیمی معیارات کا نیا مجموعہ اپنایا ہے جنکا نام مشترکہ بنیادی تعلیمی معیارات (کامن کور لرننگ اسٹینڈرڈز) ہے- ان معیارات کو تدریجاً 2015 تک شامل کیا جائے گا-

مشترکہ بنیادی تعلیمی معیارات واضح طور پر بیان کرتے ہیں کہ طلبا کو ہائی اسکول سے سندیافتگی پر کالج اور طرز معاش کے لیے تیار ہونے کے لیے ہر گریڈ سطح پر کیا معلوم ہونا چاہیے اور کیا کرنے کے قابل ہونا چاہیے- نیویارک شہر کے لیے اسکا مطلب یہ ہے کہ اسکول ان نئے معیارات کو کلاس روم اسباق میں اگلے تین سال کے دوران شامل کریں گے- مشترکہ بنیادی تعلیمی معیارات کے متعلق مزید جاننے کے لیے schools.nyc.gov/Academics/CommonCoreLibrary دیکھیں-

مشترکہ بنیادی تعلیمی معیارات، ترمیم شدہ نیویارک ریاست ("NYS") تشخیصاتی امتحانات کے ہمراہ ہوں گے- یہ نئے امتحانات ہمیں — اور اساتذہ و طلبا — کو ہر گریڈ سطح پر یہ سمجھنے میں مدد دیں گے آیا ہمارے بچے کالج اور طرزمعاش کے لیے تیار ہورہے ہیں یا نہیں-

امتحان دینا

یہ ہمارے لیے اہم ہے کہ ہم امتحان دینے کے تعیں اپنے بچوں کے رویے کو مثبت شکل دینے میں مدد کریں اور امتحان دینے کے متعلق انکی گھبراہٹ اور بے چینی کو کم کریں- ہمارے بچوں کو مطالعے کے لیے ایک اچھی جگہ درکار ہے- ہم اپنے بچوں کی یاددہانی کراسکتے ہیں کہ روزانہ اپنا ہوم ورک مکمل کرنے، مطالعہ کرنے، کلاس میں شرکت کرنے سے وہ امتحانوں کے لیے تیار ہوں گے- ہمارے بچے ذیلی ویب سائٹس ملاحظہ کرکے اضافی امداد و معلومات بھی حاصل کرسکتے ہیں:

www.homeinstructionschools.com/shack/3-8examreview.html

www.homeinstructionschools.com/regents.htm

www.regentsreviewlive.net

www.regentsprep.org

جیسے جیسے ہمارے بچے کالج اور طرزمعاش کے ابداف تک کی راہ پر مڈل اسکول سے ہائی اسکول سے پیش رفت کرتے ہیں، نیویارک ریاستی امتحانات اور ریجنٹس امتحانات اسکی پیمائش کریں گے کہ وہ مختلف موضوعات میں کیا سیکھ رہے ہیں- مڈل اور ہائی اسکول میں انکے تمام تر تجربے کے دوران طلبا کو معیادی تشخیصات بھی دی جاتی ہیں- اسکول انکا

استعمال بنیادی مضامینی شعبوں کے اندر تعلیمی صلاحیتوں میں مستحکم اور کمزور پہلوؤں کا تعین کرنے کے لیے کرتا ہے- ان امتحانات کو طلبا، اساتذہ اور آپکے جیسے والدین کی مدد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے تاکہ آپکے بچے کی اعانت کے ایسے طریقوں کو تشکیل دیا جائے جو انکی کالج اور طرزمعاش کی تیاری میں مدد کریں-

ہمیں اپنے بچوں کو اچھی تعلیمی عادات کر فروغ دینے میں مدد کرنی ہوگی جو انکی امتحانات کے لیے تیاری کرنے اور امتحان دینے میں مدد کریں گی- ہمیں انکی دونوں مڈل اور ہائی اسکول کے سالوں کے دوران اعلٰی معیارات والے کورسز لینے، محنت کرنے اور امتحان پر اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کی بھی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے-

ہمیں اپنے بچوں کو اچھی تعلیمی عادات کر فروغ دینے میں مدد کرنی ہوگی جو انکی امتحانات کے لیے تیاری کرنے اور امتحان دینے میں مدد کریں گی-

خاص نوٹ: یہ ذہن نشین کرنا اہم ہے کہ اگر آپکا بچہ انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) مع حصہ 504 سہولیات کا حامل ہے، تو آپکا بچہ امتحانات، بشمول کالج میں داخلے کے امتحانات پر اضافی وقت یا دیگر خاص سہولیات حاصل کرسکتا ہے- علاوہ، اگر آپکا بچے کی محدود انگریزی استعداد ہے یا وہ انگریزی زبان متعلم ہے تو وہ اپنی آبائی زبان میں امتحان دے سکتا ہے یا اضافی وقت یا دیگر خاص سہولیات حاصل کرسکتا ہے-

مڈل اور ہائی اسکول طلبا کے لیے نیویارک ریاست امتحانات

مڈل اسکول

مڈل اسکول میں طلبا مندرجہ ذیل NYS وسطی امتحانات لیتے ہیں:

- گریڈ 6 – فنونِ انگریزی زبان (ELA) امتحان؛ ریاضی امتحان
- گریڈ 7 – ELA امتحان؛ ریاضی امتحان
- گریڈ 8 – ELA امتحان؛ ریاضی امتحان؛ اور سائنس امتحان*

* کچھ مڈل اسکول گریڈ 8 میں تیز رفتار کورسز پیش کرتے ہیں؛ یہ کورسز تعلیمی سال کے آخر میں ریجنٹس امتحان کے ساتھ ختم ہوتے ہیں- یہ ہائی اسکول سطح کی کورسز ہیں- اگر کوئی طالب علم دونوں کورس اور ریجنٹس امتحان کو پاس کرلیتا ہے، تو وہ ہائی اسکول کریڈٹ حاصل کرسکتا ہے- آپکو یہ یقینی بنانا چاہیے کہ تیز رفتار کورسز آپکے بچے کے تعلیمی ریکارڈ پر ظاہر کیے گئے ہیں تاکہ ہائی اسکول آپکے بچے کو مناسب کلاس میں تقرر کرسکے-

ہائی اسکول

ہائی اسکول میں طلبا مندرجہ ذیل NYS ریجنٹس اور NYC LOTE امتحانات لیتے ہیں:

- فنونِ انگریزی زبان (ELA) ریجنٹس
- ریاضی ریجنٹس: مربوط الجبرا ا، جیومٹری، الجبرا II / ٹرگنامٹری
- سائنس ریجنٹس: حیاتی ماحولیات، علم الارض، علم کیمیا، طبعیات

- تاریخ ریجنٹس: عالمی تاریخ اور جغرافیہ، ریاستہائے متحدہ تاریخ اور حکومت
- LOTE (انگریزی کے علاوہ دیگر زبانیں) امتحانات: متعدد غیرملکی زبانوں کے لیے ریجنٹس جیسے جامع امتحانات

طلبا کو ریجنٹس ڈپلومہ حاصل کرنے کے لیے 65% کے کم سے کم گریڈ کے ساتھ کم از کم پانچ مخصوص ریجنٹس امتحانات پاس کرنے ہوں گے (انگریزی، ریاضی، سائنس، عالمی تاریخ اور جغرافیہ، اور ریاستہائے متحدہ تاریخ اور حکومت)۔

کچھ کالج SAT کو ACT اسکورز پر ترجیح دے سکتے ہیں۔ متعدد ان دونوں کو قبول کرتے ہیں۔ آپکے بچے کے لیے یہ جاننا ضروری ہے کہ انکو اپنے کالج انتخابات کے لیے کن اسکورز کی ضرورت ہے۔

2008 کے بعد ہائی اسکول شروع کرنے والے تمام طلبا کو ایڈوانسڈ ریجنٹس ڈپلومہ حاصل کرنے کے لیے کم از کم پانچ ریجنٹس امتحان پاس کرنا ضروری ہیں (انگریزی، تین مخصوص ریاضی ریجنٹس، حیاتی سائنس ریجنٹس، طبعی سائنس ریجنٹس، عالمی تاریخ اور جغرافیہ، اور ریاستہائے متحدہ تاریخ اور حکومت) اور ساتھ ساتھ ایک LOTE امتحان جس کا گریڈ کم از کم 65% ہو۔ یہ بھی نوٹ کریں کہ ایڈوانسڈ ریجنٹس ڈپلومہ غیرملکی زبان کے تین سال کے مطالعے کا تقاضہ کرتا ہے؛ اسلیے آپکو اپنے بچے کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے کہ وہ گریڈ 10 سے قبل غیرملکی زبان کا مطالعہ شروع کردیں۔ یہ تقاض ان طلبا کے لیے مختلف ہے جو فنون یا طرز معاش اور تکنیکی تعلیم (CTE) میں ایک منظورشدہ سلسلے کی تکمیل کررہے ہیں اور اس پر منحصر ہے کہ طالب علم نے گریڈ 9 کی شروعات کب کی۔ CTE پروگراموں میں شرکت کرنے والے تمام طلبا کو CTE پروگرام میں قابلیت کے ثبوت کے طور پر پروگرام کے اختتام پر ایک تکنیکی تشخیص دینے کے لیے تیار کیا جاتا ہے۔ ان میں سے متعدد امتحانات کا نتیجہ صنعتی سرٹیفیکشن ہوتا ہے۔

سندیافتگی کے لیے درکار کریڈٹس اور امتحانات، بشمول معذوری کے حامل طلبا اور CTE پروگراموں کے طلبا کے متعلق اضافی معلومات کے لیے schools.nyc.gov/RulesPolicies/GraduationRequirements/default.htm ملاحظہ کریں۔ ہم پرزور تاکید کرتے ہیں کہ آپ ان تقاضوں پر بات چیت کرنے کے لیے اپنے بچے کے رہنما مشیر یا صلاح کار سے ملاقات کریں اور یہ معلوم کریں کہ آپکے بچے کے ریجنٹس اور LOTE امتحانات کب منعقد ہوں گے۔

کالج کے لیے تیاری کرنے والے طلبا کے امتحانات

کالج داخلہ امتحانات

یہ معیاراتی، قومی امتحانات ہیں جنہیں آپکا بچہ کالج کے لیے زیر غور لائے جانے کے لیے دے گا۔ کچھ کالج SAT کو ACT اسکورز پر ترجیح دے سکتے ہیں۔ متعدد ان دونوں کو قبول کرتے ہیں۔ آپکے بچے کے لیے یہ جاننا ضروری ہے کہ انکو اپنے کالج انتخابات کے لیے کن اسکورز کی ضرورت ہے۔ اگر کالج دونوں اسکورز قبول کرلیں گے، تو آپکے بچے کو نمونہ امتحان دینا چاہیے اور وہ امتحان دینا چاہیے جسے دینے میں وہ زیادہ پراطمینان ہو۔ www.collegeboard.org اور www.act.org پر نمونے دستیاب ہیں۔

- **PSAT – ابتدائی علمی تشخیص امتحان** – کالج بورڈ کے ذریعے پیش کردہ، یہ امتحان تنقیدی مطالعاتی صلاحیتوں، ریاضی میں مسائل سلجھانے کی صلاحیتوں اور تحریری صلاحیتوں کی پیمائش کرتا ہے- اسکو SAT پر آپکے بچے کی کارکردگی کی نوعیت کے اشاریے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے، اور یہ کالجوں کو آپکے بچے سے ممکنہ وظیفوں کے لیے متعلق رابطہ کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے- یہ امتحان سوفمور اور جونئر دے سکتے ہیں؛ اس کو دو مرتبہ دیا جاسکتا ہے اور اسے اسکولی دن کے دوران تمام تر نیویارک شہر پبلک اسکول طلبا کو بلا قیمیت پیش کیا جاتا ہے- تاہم، صرف ایک جونئر کی حیثیت سے آپکے بچے کا حاصل کردہ اسکور اسے نیشنل میریٹ اور نیشنل اچیؤمنٹ اسکالرشپ کے لیے زیر غور لائے جانے کے لیے اہل بنائے گا- اس امتحان کے متعلق مزید معلومات کے لیے www.collegeboard.com/student/testing/psat/about.html دیکھیں-

- **SAT I – علمی تشخیص امتحان I استدلال کا امتحان** – کالج بورڈ کے ذریعے پیش کردہ، یہ ایک کثیر انتخابی امتحان ہے بمع ایک مضمون- اسے تنقیدی مطالعہ، ریاضیات اور تحریری صلاحیتوں کی پیمائش کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے- اسے عام طور پر گریڈ 11 اور / یا 12 میں دیا جاتا ہے، اور اسکا زیادہ سے زیادہ اسکور 2400 ہے- چونکہ اس امتحان کو ایک سے زیادہ بار دیا جاتا ہے، یہ نہایت اہم ہے کہ آپکا بچہ اس امتحان کو گریڈ 11 میں دینے کے متعلق سوچے- کالج فیصلہ کرتے وقت عموماً آپکے بچے کے اعلٰی ترین اسکورز پر غور کریں گے- اگر ضروری ہو، تو براہ کرم اپنے بچے سے گزارش کریں کہ وہ اپنے اسکول کے رہنما مشیر سے دستیاب فیس کے بازناموں اور معذوری کے لیے فراہم کردہ سہولیات کے متعلق دریافت کرے- اس امتحان کے متعلق مزید معلومات کے لیے sat.collegeboard.org/home دیکھیں-

- **SAT II موضوعاتی امتحانات – علمی تشخیص امتحان II موضوعاتی امتحان** – یہ امتحانات کسی مخصوص موضوع میں علم اور اس علم کے اطلاق کی قابلیت کی پیمائش کرنے کے لیے تزئین کے گئے ہیں- زیادہ انتخابی کالج SAT II امتحانات کا تقاضہ کرتے ہیں- آپکے بچے کو ہائی اسکول میں متعلقہ کورس کے ختم ہوتے ہی یہ امتحان فوراً دے دینا چاہیے- اگر ضرورت ہو تو فیس کے بازناموں اور معذوری کے لیے فراہم کردہ سہولیات کے متعلق دریافت کریں- ان امتحانات کے متعلق مزید معلومات کے لیے sat.collegeboard.org/home دیکھیں-

- **ACT – امریکن کالج امتحانی تشخیص** – انکا انتظام امریکن کالج امتحان کے ذریعے کیا جاتا ہے، یہ SAT I استدلال کے امتحان کی متبادل تشخیص ہے- اس امتحان کو تحریر کے ساتھ یا اسکے علاوہ پیش کیا جاتا ہے- موضوعات انگریزی، ریاضی، مطالعہ، سائنس اور تحریر ہیں اور زیادہ سے زیادہ اسکول 26 ہے- اگر ضرورت ہو تو فیس کے بازناموں اور معذوری کے لیے فراہم کردہ سہولیات کے متعلق دریافت کریں- اس امتحان کے متعلق مزید معلومات کے لیے www.act.org دیکھیں-

کالج ان امتحانات کے اسکورز کا استعمال آپکے بچے کی کالج میں کارکردگی کے متعلق فیصلہ کرنے کے لیے کرتے ہیں- تاہم، ایک بار جب آپکے بچے کو کالج میں قبول کرلیا جائے، اسے کالج کی تقرری کے امتحانات بھی دینے ہوں گے-

ایڈوانسڈ پلیسمنٹ (AP) امتحانات

- ایڈوانسڈ پلیسمنٹ نامی ان امتحانات کو مستند کالج بورڈ کورسز کے اختتام پر دیا جاتا ہے- کالج کی تیاری کی پیمائش کرنے کے لیے کالج 3, 4 یا 5 کا اسکور طلب کرتے ہیں اور اکثر اس طالب علم کو کالج کریڈٹ فراہم کریں گے جسکا اسکور 4 یا 5 ہو- ہائی اسکول ٹرانسکرپٹ پر AP کورسز کالج کے داخلہ افسر کو یہ ظاہر کرتے ہیں کہ طالب علم نے مسابقت طلبا نصاب کا انتخاب کیا ہے- ان امتحانات کے متعلق مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں:
www.collegeboard.com/student/testing/ap/about.html

نظر رکھنا

اپنے بچے کی پیش رفت پر نظر رکھنے کے لیے آپکو یہ جاننے کی ضرورت ہے کہ امتحان پر آپکے بچے کی کارکردگی کیسی تھی، لیکن یہ بھی کہ آیا اسکے ہوم ورک کا مفوضہ کام اور طویل معیاد پروجیکٹس کو تسلی بخش انداز کے ختم کرلیا گیا ہے- اگر آپ حقیقی دلچسپی کا مظاہرہ کریں گے تو آپکا بچہ اسکا جواب دے گا- آپکو اپنے بچے کی پیش رفت کے متعلق توقعات اور انعامات قائم کرنے چاہیئیں- کمتر کارکردگی پر فوری توجہ دینی چاہیے، اور اساتذہ، رہنما مشیران، نائب پرنسپل اور اگر ضروری ہو، تو پرنسپل سے گفتگو کرنے کی مخلص کوشش کرنی چاہیے-

اگر آپ حقیقی دلچسپی کا مظاہرہ کریں گے تو آپکا بچہ اسکا جواب دے گا- آپکو اپنے بچے کی پیش رفت کے متعلق توقعات اور انعامات قائم کرنے چاہیئیں-

اپنے بچے کی پیش رفت کے متعلق ذاتی اور تجدیدی معلومات کے لیے ARIS والدینی لنک استعمال کرنا سیکھیں (arisparentlink.org/parentlink پر لاگ ان کریں)- یہ دس زبانوں میں دستیاب ہے- اپنے بچے کے اکاؤنٹ پر لاگ ان کرنے کے لیے آپکو ایک ای میل پتہ، اپنے بچے کا آئی ڈی (OSIS) نمبر اور اپنا پاس ورڈ درکار ہوگا- پہلی بار لاگ ان کرنے سے قبل اپنے بچے کے اسکول کے والدین ربط دہندہ سے ایک وقتی پاس ورڈ حاصل کرنے کے لیے رجوع کریں- اگر آپکو ایک انٹرنیٹ تک رسائی والا کمپیوٹر درکار ہے تو آپ کسی بھی نیویارک پبلک لائبریری میں تشریف لے جاسکتے ہیں-

یہ معلوم کریں کہ آپکے بچے کے اسکول میں کونسے مضامین / کلاسیں پیش کیے جاتے ہیں- آپ رہنما مشیر یا صلاح کار سے گفتگو کرکے یہ معلومات حاصل کرسکتے ہیں- یہ چیک کریں کہ آیا آپکا بچہ درست کلاسیں لے رہا ہے، اور اگر ممکن ہو تو دونوں مڈل اسکول اور ہائی اسکول میں اپنے بچے کا نام محنت کا تقاضہ کرنے والے زیادہ سے زیادہ کورسز کے لیے لکھوائیں-

ہر مارکنگ پیرئیڈ چیک اپنے بچے کا رپورٹ کارڈ کریں- یہ یقینی بنائیں کہ آپکے بچے کا مستقل مڈل اسکول ریکارڈ درست گریڈز اور درست حاضری و تاخیر کی معلومات کی عکاسی کرتا ہے- یہ یقینی بنانے کے لیے ہائی اسکول کے ہر تعلیمی سال کی شروعات میں اپنے بچے کی ٹرانسکرپٹ ملاحظہ کریں کہ دونوں نصابی کام اور امتحانات کے لیے درست گریڈز درج کیے گئے ہیں- یہ نہایت اہم ہے کہ جب آپکا بچہ ہائی اسکول میں درج ہو تو آپ ہر سمیسٹر بچے کے حاصل کردہ کریڈٹس کی تعداد کو چیک کریں تاکہ یہ واضح ہو کہ آپکا بچہ کس گریڈ میں درج ہے اور وہ سندیافتگی سے کتنا قریب ہے- سندیافتگی کے تقاضوں کے لیے schools.nyc.gov/RulesPolicies/GraduationRequirements/default.htm دیکھیں-

جب آپ اپنے بچے کے اسکول میں انکے اساتذہ سے ملاقات کریں گے، تو آپ کلاس کے ہمسروں سے اپنے بچے کے کام کا موازنہ کرنے کے لیے اپنے طالب علم کے کام کے نمونوں کی درخواست کرسکتے ہیں- اگر آپکا بچہ مڈل اسکول کا طالب علم ہے تو آپکو یہ جاننے کی ضرورت ہے کہ اسکی ہر ایک کلاس میں پیش رفت کیسی ہے اور آیا بچہ گریڈ سطح پر مطالعہ کررہا ہے، کلاس میں گریڈز کا تعین کس طرح کیا جاتا ہے، ہر شپ ہوم ورک پر کتنا وقت صرف کرنا چاہیے اور یہ کہ کیا ایسے کوئی نئے پہلو ہیں جن میں بہتری کی ضرورت ہے- ہائی اسکول طلبا کے لیے آپ یہ تمام سوالات کرسکتے ہیں بمع آیا بچہ کریڈس حاصل کررہا ہے اور وہ کسی مضمون میں ریجنٹس امتحان کے لیے کس طرح تیاری کررہا ہے- یہ بھی دریافت کریں

کہ بچہ کالج مشاورت، PSAT اور SAT کی تیاری اور طرز معاش تحقیق کے شعبوں میں کونسی خدمات اور اعانتیں حاصل کرسکتا ہے- مڈل اور ہائی اسکول دونوں کے طلبا کے لیے آپ بچے کو گریڈ سطح کی توقعات کی تکمیل میں مدد کرنے کے لیے گھر پر مکمل کرنے والی مشقیں حاصل کرنے کی درخواست کرسکتے ہیں-

والدین کے لیے واقفیتی اجلاسات میں شرکت کریں- PTA اجلاسات میں شرکت کریں- والدین - استاد کانفرنسوں کے علاوہ اساتذہ کے ساتھ وقتِ ملاقات لینے کے متعلق سوچیں- محکمۂ تعلیم، یونائٹڈ فیڈریشن آف ٹیچرز، اور اپنے بچے کے اسکول کی جانب سے پیش کردہ کسی بھی والدینی ورک شاپ سے مستفید ہوں- حالیہ تقریبات کے کیلنڈر کے لیے اور نئے موقعوں کے بارے میں جاننے کے لیے schools.nyc.gov پر محکمۂ تعلیم کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں-

ہائی اسکول انتخاب

مڈل اسکول میں آٹھویں گریڈ کے طالب علم کے والدین کی حیثیت سے آپکو اپنے بچے کے ساتھ ہائی اسکول داخلہ طریق عمل سے گزرنا ہوگا- ہائی اسکول داخلہ طریق عمل آٹھویں گریڈ کے طلبا سے ترجیح کے لحاظ سے اپنے پروگراموں کو درج فہرست کرنے کا تقاضہ کرتا ہے- آپکے بچے کو داخلے کے طریق کار، داخلے کی ترجیحات، تشست کی دستیابی اور اگر اطلاق ہو تو اسکولوں کی آپکے بچے کی درجہ بندی کی شرائط پر اسکے ممکنہ اعلٰی ترین انتخاب سے میچ کیا جائے گا- چونکہ آپکو بہت سے ہائی اسکولوں میں سے انتخاب کرنا ہوگا، بحیثیت ایسے والدین جو اپنے بچوں کے ساتھ اس طریق کار سے پہلے گزر چکے ہیں، ہم آپکو یہ تجویز دیتے ہیں کہ آپ اس وقت ہائی اسکولوں کے بارے میں جاننا شروع کردیں جب آپکا بچہ چھٹی گریڈ میں درج ہوگا-

آپکے لیے مڈل اسکول رہنما مشیر کے ساتھ ایک مستحکم اور مسلسل تعلق قائم کرنا نہایت مفید ہے- داخلے کے متعلق معلومات کو مشیر کے ذریعے فراہم کیا جاتا ہے- زیادہ اہم، رہنما مشیر کا آپکو اور آپکے بچے کو درست انتخابات کرنے میں مدد کرنے کے لیے آپکے بچے کو جاننا ضروری ہے-

دفتر برائے طالبانہ اندراج طلبا کا مختلف قسم کے ہائی اسکول پروگراموں اور متخصص ہائی اسکولوں سے تعارف کرانے کے لیے تمام تر سال کے دوران معلوماتی سیشن منعقد کرتا ہے- اپنے بچے کے مڈل اسکول سالوں کے دوران ان سیشنز میں شرکت کرنا مفید ہے تاکہ آپکو تمام کام آٹھویں گریڈ میں نہ کرنا پڑے-

ساتویں گریڈ کا حتمی رپورٹ کارڈ وہ رپورٹ کارڈ ہے جسے ہائی اسکول، ہائی اسکول داخلے کے طریق عمل کے دوران ملاحظہ کرتے ہیں-

ساتویں گریڈ کا حتمی رپورٹ کارڈ وہ رپورٹ کارڈ ہے جسے ہائی اسکول، ہائی اسکول داخلے کے طریق عمل کے دوران ملاحظہ کرتے ہیں- اسلیے، آپکے بچے کے لیے یہ بہت اہم ہے کہ وہ نہ صرف ہر ایک کلاس میں بلکہ ساتویں گریڈ کے معیاراتی امتحانات میں اپنی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرے- اگر آپکا بچہ اپنی مکمل استعداد تک پہنچے گا تو اسکا مطلب ہوگا کہ اسے وسیع تر پیمانے پر پروگراموں کے لیے زیر غور لایا جاسکتا ہے-

جیسے جیسے آپ اسکولوں اور پروگراموں کے وسیع دائرہ کار پر غور و فکر کرتے ہیں، یہ یقینی بنائیں کہ آپ اسکول کے سائز اور جائے وقوع کو ذہن میں رکھیں- ذیلی ان متعدد دستیاب انتخابات میں سے ہیں:

- متخصص ہائی اسکول جو متخصص ہائی اسکول داخلہ امتحان کا تقاضہ کرتے ہیں
- دیگر تعلیمی طور پر انتخابی اسکول اور پروگرامز جو طلبا سے متعدد تعلیمی معیارات کی تکمیل کا تقاضہ کرتے ہیں
- پرفارمنگ آرٹس اسکول اور پروگرامز جو آڈیشن یا پورٹ فولیو کی پیش کش کا تقاضہ کرتے ہیں
- طرز معاش اور تکنیکی تعلیم (CTE) اسکول اور پروگرامز جو متعدد مخصوص ملازمتی راہ عمل میں تعلیمی مطالعے کا امتزاج کاردستہ صلاحیتوں سے کرتے ہیں
- اسکول جو معلوماتی سیشن میں شرکت کا تقاضہ کرتے ہیں
- چارٹر اسکول جنکی اپنی درخواست کے طریق عمل اور گوشوارٔ وقت ہوتے ہیں- (چارٹر اسکول ڈائریکٹری کو schools.nyc.gov/community/planning/charters/Directory.htm پر دیکھیں-)

ہائی اسکول ڈائریکٹری اور متخصص ہائی اسکول طالبانہ دستی کتابچے کو تعلیمی سال کے آخر میں پبلک اسکول کے تمام ساتویں گریڈ کے طلبا میں تقسیم کیا جاتا ہے- یہ اس لیے کیا جاتا ہے تاکہ آپ اور آپکا بچہ آٹھویں گریڈ کی شروعات سے قبل موسم گرما کے دوران معلومات کا جائزہ لے سکیں-

ہائی اسکول داخلے کی تمام اشاعاتیں، بشمول آن لائن قابل تلاش ہائی اسکول کی ڈائریکڑی schools.nyc.gov/ChoicesEnrollment/High/Publications پر دستیاب ہیں- اس صفحے پر ترجہ شدہ اشاعتیں بھی دستیاب ہیں-

آپکو اور آپکے بچے کو ان میلوں میں اس وقت شرکت شروع کرنی چاہیے جب آپکا بچہ ساتویں گریڈ میں درج ہو- اس سے آپکے اور آپکے بچے کے پاس ہائی اسکول پروگراموں کے بارے میں جاننے کے لیے دو سال کا وقت ہوگا-

موسم خزاں کے دوران متعدد میلے منعقد ہوتے ہیں جن میں آپکو ہائی اسکول کے بارے میں زیادہ معلومات حاصل کرنے کے لیے شرکت کرنی چاہیے- ان میلوں میں تمام تر شہر کے ہائی اسکولوں کی نمائندگی ہوتی ہے: عملہ، طلبا اور والدین نمائشی میزوں پر موجود اور سوالات کا جواب دینے کے لیے دستیاب ہوتے ہیں-

آپکو اور آپکے بچے کو ان میلوں میں اس وقت شرکت شروع کرنی چاہیے جب آپکا بچہ ساتویں گریڈ میں درج ہو- اس سے آپکے اور آپکے بچے کے پاس ہائی اسکول پروگراموں کے بارے میں جاننے کے لیے ایک سال سے زائد وقت ہوگا- جیسے جیسے آپ معلومات سے واقف ہوتے جائیں گے، آپ اپنے بچے کے ساتھ ملکر اہداف تعین کرسکیں گے- محکمۂ تعلیم کی ویب سائٹ schools.nyc.gov/ChoicesEnrollment/High/videos.htm پر 2011 موسم گرم ہائی اسکول داخلے کی ورک شاپس کی وڈیو دستیاب ہیں-

متعدد مڈل اسکول اپنی ہائی اسکول شب کا انتظام کرتے ہیں اور مقامی ہائی اسکولوں سے نمائندگان کو شرکت کی دعوت دیتے ہیں- اگر آپکا اسکول ہائی اسکول شب کی میزبانی کرے تو شرکت کریں اور نمائندگان سے یہ معلومات حاصل کرنے کے لیے گفتگو کریں کہ ہر ایک اسکول کیا پیش کرتا ہے-

متعدد ہائی اسکول دوروں کی پیش کش کرتے ہیں- دوروں کی معلومات کے لیے ہائی اسکول ڈائریکٹری دیکھیں- اگر یہ معلومات ڈائریکٹری میں موجود نہیں تو اسکولی صفحے سے رابطے کی معلومات حاصل کریں اور اسکول سے براہ راست رجوع کریں- کچھ صورتوں میں، آپ یہ دورے اس وقت شروع کرسکتے ہیں جب آپکا بچہ ساتویں گریڈ میں درج ہو- اگر اسکول آپکو یہ انتخاب پیش کرتے ہیں، تو اسکولی دن کے دوران دورہ کرنا کی کوشش کرنا اچھا خیال ہے تاکہ آپ اسکول کو تدریسی اوقات کے دوران دیکھ سکیں- آپ کو یہ اندازہ ہوگا کہ اسکول کیسا ہے-

جب تک آپکا بچہ آٹھویں گریڈ میں پہنچتا ہے، آپکو اور آپکو بچے کو ان اسکولوں تک ٹیرن یا بس میں سفر کرکے جانا چاہیے جن میں آپ دلچسپی رکھتے ہیں- اس سے آپ یہ جان پائیں گے کہ سفر کتنا لمبا ہے، جو کہ اسکولوں پر غور کرنے کا ایک اہم جز ہے- سفری راستوں کے متعلق معلومات کو www.hopstop.com سے حاصل کیا جاسکتا ہے-

آپ schools.nyc.gov/Subscribe پر ہائی اسکول داخلے کے متعلق بذریعہ ای میل تجدیدی معلومات حاصل کرنے کے لیے بھی اپنا نام لکھوا سکتے ہیں-

نیویارک شہر محکمۂ تعلیم کے اندر دستیاب معلومات کے علاوہ، آپ insideschools.org، مرکز برائے نیویارک معاملات سے دیگر معلومات حاصل کرسکتے ہیں- ہائی اسکول طلبا کے دیگر طلبا بھی آپکو مدد فراہم کرسکتے ہیں- آپکے مڈل اسکول کی انجمنِ والدین پیش کشیں کرسکتی ہے یا معلومات فراہم کرسکتی ہیں- اپنے بچے کے کلاس کے ہمسروں کے والدین سے گفتگو کرنے سے مڈل اسکول سے ہائی اسکول کا سفر آسان ہوسکتا ہے-

پہلے سے ہائی اسکول میں درج طلبا کے لیے دیگر انتخابات

اگر آپکے بچے کو ہائی اسکول میں دشواری پیش آئی ہے اور وہ ہر سمیسٹر کے لیے درکار کریڈٹس کی درست تعداد حاصل نہیں کرتا تو وہ پیچھے رہ جانے کے خطرے میں ہے اور ہوسکتا ہے کہ چار سال میں سندیافتہ ہونے کے لیے تیار نہ ہو- آپکو اور آپکے بچے کو سندیافتگی کی دیگر راہیں تلاش کرنی چاہیئیں- منتقلی اسکول چھوٹے ہائی اسکول ہیں جو طلبا کو ذاتی طریقے سے مربوط کرنے کی کوشش کرتی ہیں اور طرزمعاش و کالج کے مواقع فراہم کرتے ہیں- حصولِ علم سے کسب معاش (LTW) پروگرام منتقلی اسکول میں ملازمت کی جامع تیاری اور طرز معاش تحقیق کی سرگرمیاں فراہم کرتا ہے، اور ساتھ میں نوبالغ برو مراکز (YABC) میں فراہم کرتا ہے جو کہ زائد العمر طلبا کے لیے شام کے تعلیمی پروگراموں کی پش کش کرتے ہیں- آپ سندیافتہ ہونے کے اضافی طریقوں کی ڈائریکٹری میں منتقلی اسکولوں، YABC اور GED پروگراموں کی مکمل فہرست حاصل کرسکتے ہیں- اسکی نقل کو schools.nyc.gov/ChoicesEnrollment/AlternativesHS/default.htm سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے-

نیویارک شہر احتسابی رپورٹیں

اپنے بچے کے ساتھ درست ہائی اسکول تلاش کرنے والے والدین کی حیثیت سے ہمارا ماننا ہے کہ بطور والدین، آپکو نیویارک شہر احتسابی رپورٹوں کے متعلق سیکھنا چاہیے- اسکی تین قسمیں ہیں: پیش رفت رپورٹ، معیاری جائزہ اور اسکولی سروے-

- **پیش رفت رپورٹ** – ہر موسم خزاں میں زیادہ تر اسکول ایک رپورٹ اور حرفی گریڈ (A, B, C, D, F) وصول کرتے ہیں جو گذشتہ تعلیمی سال کے دوران طالبانہ تدریس میں انکی کامیابی کی پیمائش کرتی ہے- پیش رفت کی رپورٹ طالبانہ تعلیمی پیش رفت کے تعیں ہر ایک طالب علم کی حصہ داری کی پیمائش کرتی ہے، اس سے قطع نظر کہ بچے نے سندیافتگی اور ثانوی بعد تیاری کے لیے اپنا سفر کہاں شروع کیا-

- **معیاری جائزہ** – تعلیمی سال کے دوران، تجربہ کار معلمین نے متعدد اسکولوں کا دو یا ڈھائی دن کا دورہ کیا جس میں اسکولی قیادت، اساتذہ، طلبا اور والدین کے ساتھ ملاقاتیں اور کلاس روم دورے شامل تھے- ان دوروں کے نتائج کو تفصیلی رپورٹوں میں آن لائن شائع کیا گیا جو یہ بیان کرتی ہیں کہ ہر ایک اسکول کتنی اچھی طرح طالبانہ حصولیابی کو اعانت فراہم کرتا ہے-

- **اسکول سروے** – ہر سال گریڈز 6 تا 12 کے والدین، اساتذہ اور طلبا نیویارک شہر اسکولی سروے لیتے ہیں- سروے کے سوالات تعلیمی توقعات، اظہار و ابلاغ، شمولیت اور حفاظت و احترام کے متعلق برادری کی رائے طلب کرتے ہیں- اسکولی قائدین اپنے اسکول کی مستحکم اور بہتری کے ضرورتمند پہلوؤں کو بہتر سمجھنے کے لیے سروے کے نتیجے کا استعمال کرسکتے ہیں-

اگلی سرحد: ہائی اسکول کے بعد

آپکو اور آپکے بچے کو یہ تعین کرنے کے لیے تحقیق کی ضرورت ہوگی کہ کونسے انتخابات بہترین ہیں- اپنے بچے کے ہائی اسکول رہنما مشیر کے ساتھ اس سمت کو تلاش کرنے کے لیے ملکر کام کریں جس میں آپ اور آپکا بچہ جانا چاہتے ہیں-

ہائی اسکول سے سندیافتہ ہونے کے بعد آپکے بچے کے پاس متعدد انتخابات ہوں گے- آپکو اور آپکے بچے کو یہ تعین کرنے کے لیے تحقیق کی ضرورت ہوگی کہ کونسے انتخابات بہترین ہیں- اپنے بچے کے ہائی اسکول رہنما مشیر یا کالج اور طرزمعاش کی رہنمائی کے لیے ذمہ دار عملے کے ساتھ اس سمت کو تلاش کرنے میں مدد کے لیے ملکر کام کریں جس میں آپ اور آپکا بچہ جانا چاہتے ہیں-

انتخابات میں یونیورسٹیاں اور چار سالہ کالج شامل ہیں- یونیورسٹیاں عام طور پر بڑے اسکول ہوتے ہیں جن میں متعدد ڈگری پروگرامز، تحقیقی سہولیات، اور گریجوئیٹ اسکول ہوتے ہیں- لبرل آرٹس کالج عموماً زیادہ چھوٹے ہوتے ہیں، کلاس کا سائز اکثر چھوٹا ہوتا ہے اور وہ بیچلر ڈگری کی پیش کش کرتے ہیں- اجتمائی اور جونئر کالج دو سالہ ادارے ہوتے ہیں جو اسوسیئٹ ڈگریاں اور کبھی کبھار طرزمعاش کے رجحان والے مضامین میں بغیر ڈگری والی تصدیق (سرٹیفیکیشن) فراہم کرتے ہیں- کچھ طلبا اسوسیئٹ ڈگریاں حاصل کرتے ہیں اور پھر بیچلر ڈگری کی جانب سعی کرنے کے لیے چار سالہ کالج میں منتقل ہوجاتے ہیں-

تفصیلی گوشوارہ وقت اور جانچ فہرست اور کالج کی منصوبہ بندی اور داخلے کے متعلق رہنمائی کے لیے نیویارک اربن لیگ کا "کالج کے لیے والدینی رہنما کتابچہ" آن لائن www.nyul.org/pages/Parent_Guide_Order_Form پر ملاحظہ کریں-

نیو وژن فار پبلک اسکولز کا "کالج تک کا راستہ" http://www.newvisions.org/the-road-to-college/overview پر دستیاب ہے اور ایک اور اچھا وسیلہ، محکمۂ تعلیم کا "طلبا کو کالج کی تیاری میں مدد کرنے والے وسائل" بھی آن لائن schools.nyc.gov/StudentSupport/GuidanceandCounseling/CollegeCareerSupport/default.htm پر دستیاب ہیں-

تکنیکی، صنعتی اور کاروباری اسکول عام طور پر دو سال میں یا اس سے کم معیاد میں طلبا کو مخصوص طرزمعاش کے لیے تیار کرنے پر توجہ دیتے ہیں- یہ اسکول آپکے بچے کو لائسنس، سرٹیفیکٹ، خاص تصدیق اور کبھی کبھار اسوسیئٹ یا بیچلر ڈگریاں حاصل کرنے میں مدد کرتے ہیں- تاہم، یہ ضروری نہیں ہے کہ ان پروگراموں سے حاصل کردہ کریڈٹس تعلیمی ڈگری پروگراموں میں منتقل ہوسکیں-

پبلک کالجوں اور یونیورسٹیوں کو ریاستی اور شہری اعانت حاصل ہوتی ہے اور نجی اداروں کے مقابلے میں ان اسکولوں کی ٹیوشن فیس عام طور پر کم ہوتی ہے- ایک مکین کے لیے پبلک اسکول کا خرچ عموماً کسی غیرمکین کے مقابلے میں کافی کم ہوتا ہے-

دا سٹی یونیورسٹی آف نیویارک (CUNY) بیس سے زائد کالجوں اور یونیورسٹیوں کا وسیع نظام ہے- اضافی معلومات کے لیے www.cuny.edu دیکھیں-

دا سونی یونیورسٹی آف نیویارک (SUNY) نیویارک ریاست میں ساٹھ سے زائد پبلک کالجوں اور یونیورسٹی کیمپسز کا وسیع

نظام ہے- مزید معلومات کے لیے www.suny.edu ملاحظہ کریں-

کالج کا خرچہ برداشت کرنا

نجی ثانوی بعد اسکول کی ٹیوشن، پبلک ثانوی بعد اسکول کی ٹیوشن سے زیادہ مہنگی ہے، لیکن کبھی کبھار نجی ثانوی بعد اسکولوں کی اہل طلبا کو مالی امداد اور وظیفے فراہم کرنے کی قابلیت زیادہ ہوتی ہے-

چاہے آپ نجی یا پبلک ادارے پر غور کریں، آپکو یہ جاننے کی ضرورت ہوگی کہ اسکا خرچہ کتنا ہوگا- لیکن آپکو مالی تشویشات کی وجہ سے اپنے بچے کے کالج انتخابات کے متعلق سوچنے پر پابندی نہیں کرنی چاہیے- وفاقی اور ریاستی مالی امداد اور وظیفوں کی مدد سے، زیادہ تر طلبا کالج کا خرچہ اٹھا سکتے ہیں- ذیل میں کچھ دستیاب وسائل کی نہایت مختصر وضاحت دستیاب ہے-

وفاقی اور ریاستی مالی امداد اور وظیفوں کی مدد سے، زیادہ تر طلبا کالج کا خرچہ اٹھا سکتے ہیں-

- مالی امداد – آپکا بچہ جس مالی امداد کی تعداد کے لیے اہل ہوگا، اسکا انحصار زیادہ تر آپکی آمدنی، ان افراد کی تعداد جنکا خرچہ آپ اٹھاتے ہیں، اور آپکے خاندان میں دیگر کالج میں درج افراد کی تعداد پر ہوتا ہے- پہلا قدم آپکے بچے کا کالج میں درخواست جمع کرانا ہے- اگلا قدم آپکا اور آپکے بچے کا مفت درخواست برائے وفاقی طالبانہ امداد (FAFSA) مکمل کرکے مالی امداد کے لیے درخواست دینا ہے-
- FAFSA ضرورت کی بنیاد پر مالی امداد کی واحد اور سب سے اہم درخواست ہے- یہ ایک وفاقی فارم ہے جو آپکی ضروریات کی نظرثانی کرتا ہے اور وفاقی، ریاستی اور کالج کی زیر کفالت مالی امداد، بشمول مالی عطیات، تعلیمی قرضہ اور ملازمت مع تعلیم پروگراموں کے لیے طالب علم کی اہلیت کا تعین کرتا ہے- www.fafsa.ed.gov دیکھیں- علاوہ، متعدد اسکول CSS / مالی امداد ذاتی خاکے کا تقاضہ کرتے ہیں- www.collegeboard.com/profile ملاحظہ کریں-

یہ انتہائی اہم ہے کہ آپ ان مختلف انتخابات سے مانوس ہو جو آپکے بچے کی کالج کی تعلیم کا خرچہ برادشت کرنے میں مدد کرنے کے لیے دستیاب ہیں اور یہ سمجھ لیں کہ اپنی مالی امداد کی بنأ پر آپکو اپنے بچے کا کالج مالی پیکج مکمل کرنے کے لیے متعدد مختلف وسائل کو درخواست دینی ہوگی-

قرضے

جب آپ رقم ادھار لیتے ہیں تو اسے قرضہ کہا جاتا ہے اور اسکو واپس ادا کرنا ہوتا ہے- قرضے کے ماخذ کی بنأ پر ہر قرضے کی شرائط مختلف ہوں گی-

حکومتی قرضے

دونوں وفاقی اور ریاستی طالبانہ قرضے کے پروگرام موجود ہیں- وفاقی امداد پروگرامز مالی ضرورت پر منحصر ہیں اور یہ کالج کے لیے مالی امداد کا واحد سب سے بڑا ذریعہ ہیں- حکومتی قرضے سب سے زیادہ معقول شرح اور شرائط پیش کرتے ہیں- عام طور پر ایک حکومتی قرضہ کالج اور کالج سے متعلقہ تمام اخراجات کو ادا نہیں کرسکتا، اسلیے ان قرضوں کو دیگر وسائل

سے تقویت فراہم کرنی ہوگی- ذیلی سب سے عام وفاقی حکومتی قرضے ہیں: فیڈرل پرکنز لون؛ فیڈرل سبسیڈائزڈ اسٹیفارڈ لون؛ فیڈرل اَن سبسیڈائزڈ اسٹیفارڈ لون؛ اور فیڈرل پلس لون- زیادہ معلومات کے لیے www2.ed.gov/finaid دیکھیں-

ریاستی قرضے

زیادہ تر ریاستیں دونوں ضرورت پر مبنی اور معیار پر مبنی مختلف انواع مالی امداد فراہم کرتی ہیں- زیادہ تر ریاستی قرضے کے پروگرام ضرورت پر مبنی امداد کے لیے وفاقی رہنما خطوط کی پیروی کرتے ہیں- www.hesc.org دیکھیں یا 1-888-NYS-HESC پر فون کریں-

نجی قرضے

نجی قرضے، نجی ادھار دینے والے اداروں سے لیے جاتے ہیں جیسے کے بینکس اور یہ کالج کے اخراجات ادا کرنے میں کسی بھی کمی کو پورا کرنے کے لیے عمدہ وسیلہ ہوسکتے ہیں؛ لیکن، انکی شرائط اور شرح حکومتی قرضوں کی طرح پرکشش نہیں ہوتیں- کالج نئے آنے والے طلبا کے لیے بھی قرضے کے پروگراموں کی پیش کش کرسکتے ہیں-

مالی عطیات اور وظیفے

مالی عطیات اور وظیفے اس مالی اعانت کی نمائندگی کرتے ہیں جنہیں معیار یا معیار اور ضرورت کی بنأ پر فراہم کیا گیا ہو- **انکو واپس ادا کرنے کی ضرورت نہیں-** وظیفوں اور مالی عطیات کے سب سے عام وسائل اسکول، کاروبار، ادارے، تنظیمیں، حکومت اور نجی صنعت ہے- زیادہ تر اسکول تھوڑی بہت مالی امداد کی پیش کش کرتے ہیں اور اسکی تعداد اور اہلیت کی بنیاد متعدد عناصر بشمول ضرورت، تعلیمی معیار، تعلیمی ارتکاز، دلچسپیاں اور دیگر معیارات پر ہے جنکا فیصلہ کالج کرتا ہے- یہ ضروری ہے کہ ہر اس کالج سے مالی امداد کے متعلق سوالات کیے جائیں جہاں آپ درخواست دیں گے-

ملازمت مع تعلیم پروگرام

وفاقی ملازمت مع تعلیم پروگرام ایک وفاقی امدادی رقم کا پروگرام ہے جو مالی ضرورت والے طلبا کو کیمپس پر یا اجتمائی خدمت میں جز وقتی ملازمت کی پیش کش کرتا ہے- زیادہ تر طلبا ہفتے میں 12-10 گھنٹے ملازمت کرتے ہیں اور ہر حال میں کم سے کم اجرت پر ملازمت کرتے ہیں-

گوشوارہ وقت: منصوبہ بندی کی اہمیت

عمومی طور پر یاد رکھیں کہ نیویارک شہر اس لیے منفرد ہے کیونکہ طلبا کے پاس اپنی دلچسپیاں اور طرزمعاش کے شعبے کی تحقیق کرنے، خدمات اور پروگراموں تک رسائی کے اور اسکول سے باہر صلاح کاران سے ملاقات کرنے کے بہت سے مواقع ہیں- طلبا کے پاس برادری کی خدمت کے متعدد مواقع ہیں- اگر طلبا بہم صفت ہیں اور متعدد چیزوں میں دلچسپی رکھتے ہیں تو یہ انکی ثانوی بعد اسکول کی درخواستوں کو مستحکم بنائے گا اور انکی تعلیمی حصولیابی کو تقویت فراہم کرے گا- اپنے بچے کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ شہر کو، خاص طور پر موسم گرم کے دوران، مواقع تلاش کرنے کے لیے ایک وسیلے کے طور پر استعمال کرے-

> نیویارک شہر اس لیے منفرد ہے کیونکہ طلبا کے پاس بہت سے مواقع ہیں-

یہ بھی یاد رکھیں کہ آپکا اہم تواریخ حاصل کرنے، آخری تواریخ کی تکمیل کرنے اور اپنے بچے کی پیش رفت کی نظر رکھنے کے لیے اپنے بچے کے اسکول کے ساتھ ملکر کام کرنا ضروری ہے- بائی اسکول اور کالج داخلہ کے طریق عمل میں متعدد اقدامات شامل ہیں بمع مخصوص آخری تواریخ- پیشگی منصوبہ بندی کرنا اور منظم ہونا ہی بہترین عمل ہے- ایک مفید طریقہ یہ ہے کہ ایک تعلیمی "امیدوں کا خزانہ" (ہوپ چیسٹ) بنائیں- چھٹی گریڈ کی افتتاح پر ایک فائل باکس تیار کریں جسے میں اپنے بچے کے رپورٹ کارڈ، انعامات، سرٹیفیکٹ اور خطوط محفوظ کرلیں- یہ "امیدوں کا خزانہ" آپکو اور آپکے بچے کو بائی اسکول سندیافتی تک منظم رکھے گا-

بلآخر، ہمارے تجربات سے ہمارے یہ سوچ ہے کہ ذیلی صفحات میں خاکہ کش تجاویز گریڈ 6 سے گریڈ 12 تک کے سفر میں آپکی مدد کریں گی-

تجاویز

گریڈ 6

- ❑ ہوم ورک اور مطالعے کی اچھی عادات کو جاری رکھیں یا شروع کریں- یہ یقینی بنائیں کہ آپکے بچے کے پاس مفوضہ کام مکمل کرنے کے لیے درکار مواد موجود ہے-
- ❑ یہ یقینی بنائیں کہ آپکا بچہ دستیاب نصابی کام سے سب سے زیادہ مسابقت طلب کام کا انتخاب کرتا ہے-
- ❑ انجمن والدین کا حصہ بنیں-
- ❑ توقعات کے متعلق تفصیلی معلومات اور تعلیمی سال کے کیلنڈر کے لیے http://schools.nyc.gov پر محکمۂ تعلیم کی ویب سائٹ دیکھیں، اور ARIS والدینی لنک پر لاگن آن کریں جو اپنے بچے کی کارکردگی کے متعلق اہم معلومات فراہم کرے گا-
- ❑ موسم خزاں اور بہار کی کانفرنس کی معیاد کے دوران اساتذہ سے ملاقات کریں-
- ❑ اپنے بچے کے رپورٹ کارڈ کو ملاحظہ کرنا یقینی بنائیں، عام طور پر سال میں چار یا چھ مرتبہ-
- ❑ اگر آپکے کوئی سوالات ہوں تو والدین ربط دہندہ اور / یا اساتذہ سے بات کریں-
- ❑ اپنے بچے کے رہنما مشیر یا صلاح کار کو جانیں-
- ❑ اگر آپکے بچے کو کسی موضوعاتی شعبے میں دقت پیش آتی ہے تو نجی تدریس یا دیگر دستیاب امداد کے متعلق معلومات حاصل کریں-
- ❑ یہ معلوم کریں کہ موسم بہار میں نیویارک ریاست فنون انگریزی زبان (ELA) اور ریاضی امتحانات کب منعقد ہوتے ہیں اور یہ یقینی بنائیں کہ آپکے بچے کو ان امتحانات کی اہمیت کا اندازہ ہو- ان امتحانات کے اسکور ترقی، موسم گرما اسکول، اور اگلے سال کی کلاسوں میں تقرری کو متاثر کرتے ہیں- اپنے بچے کے اسکول کے ساتھ وہ مخصوص طریقوں کے حصول کے لیے ملکر کام کریں جن کے ذریعے آپ اپنے بچے کو ان امتحانات کے لیے تیار ہونے میں مدد کرسکتے ہیں-
- ❑ شہر کو ایک تعلیمی وسیلے کے طور پر استعمال کریں- ہفتہ / اتوار اور اسکولی تعطیلات کے دوران میوزیئم، ثقافتی اداروں اور تاریخی مقامات کا دورہ کریں اور اپنے بچے سے مابعد تحقیق کروایں-
- ❑ موسم گرما سستی کا وقت نہیں- آن لائن جائیں اور ایسے پروگرام تلاش کریں جن میں آپکا بچہ دلچسپی رکھے- بہت سے مفت پروگرام دستیاب ہیں اور متعدد دیگر وظیفوں کی بھی پیش کش کرتے ہیں- ان پروگراموں میں شراکت آپکے بچے کے ذاتی خاکے کے فروغ میں مدد دیتی ہے-
- ❑ موسم گرما کا استعمال ساتویں گریڈ کے معیاراتی امتحانات کی تیاری کے لیے کریں- اپنے بچے کو مطالعہ کرنے کی عادت ڈالیں اور اپنی مقامی لائبریری کی شاخ میں لائبریری کارڈ کی درخواست دیں-

گریڈ 7

- ❑ اپنے بچوں کے لیے "بہترین" ہائی اسکول تلاش کرنے کے تجربات کے بارے میں جاننے کے لیے ذرا سے بڑے طلبا کے والدین سے رابطہ کریں-
- ❑ موسم خزاں اور بہار کی کانفرنس کی معیاد کے دوران اساتذہ سے ملاقات کریں-
- ❑ DOE کے ذریعے ترتیب دیے گئے ہائی اسکول میلوں میں شرکت کریں- ہائی اسکول کے نمائندگان دلچسپی رکھنے والے والدین کو معلومات فراہم کرنے اور نصابی پیش کشوں اور اہلیت کے تقاضوں کے متعلق سوالات کے جواب دینے کے لیے دستیاب ہوں گے-
- ❑ اساتذہ اور دیگر مڈل اسکول عملے کے ساتھ رابطہ برقرار رکھیں-
- ❑ اگر آپکے بچے کا گذشتہ سال ELA اور / یا ریاضی امتحانات میں اسکور اچھا نہیں تھا تو اسے امسال اپنا اسکور بہتر کرنے میں مدد کریں- یہ دریافت کریں کہ اسکول میں کس قسم کی نجی تدریس دستیاب ہوگی- لنکس حاصل کرنے کے لیے DOE کی ویب سائٹ پر سائن آن کریں- امسال کے اسکور داخلہ کے طریق عمل کے حصے کے طور پر اگلے سال ہائی اسکولوں کو بھیجے جائیں گے-
- ❑ طرزمعاش تحقیق www.bls.gov/k12 اور www.careerexplorer.net کے ذریعے دستیاب ہے- متعدد ہائی اسکول طرزمعاش کے مجموعے پر توجہ مرکوز کرتے ہیں- درخواست دیتے ہوئے اپنے بچے کی دلچسپیوں کو زیر غور لانا چاہیے-
- ❑ موسم گرما کے وقت کو کچھ سیکھنے کا وقت بنائیں- کمپیوٹر کیمپ، سائنس پروگرامز، پرفارمنگ آرٹس کے مواقع وغیرہ کے متعلق معلومات حاصل کریں-
- ❑ یہ یقینی بنانا مڈل اسکول کی ذمہ داری ہے کہ تمام گریڈز آپکے بچے کے مستقل ریکارڈ میں شامل کیے گئے ہیں- تاہم، آپکو بھی یہ یقینی بنانے کے لیے چیک کرنا چاہیے کہ آپکے بچے کے تعلیمی ریکارڈ کی تجدید کی گئی ہے-
- ❑ جب بھی ممکن ہو، ہائی اسکولوں کا دورہ کریں اور جائے وقوع تک عوامی نقل و حمل کا استعمال کریں- اس سے آپکو ہائی اسکول متبادلات کے متعلق مزید جاننے اور سفری راستے اور وقت کے بارے میں جاننے میں مدد ہوگی جسے آپکا بچہ روزانہ اسکول جانے کے لیے لے گا-

گریڈ 8

- بائی اسکول داخلہ طریق عمل کی تمام ضروری آخری تواریخ کا بغور جائزہ لیں- بائی اسکول ڈائریکٹری استعمال کریں، ورک شاپس میں شرکت کریں، اپنے اسکول کے رہنما مشیر یا صلاح کار سے ان آخری تواریخ کے متعلق چیک کریں-
- ستمبر میں متخصص بائی اسکول داخلہ امتحان کے لیے رجسٹر کریں- درخواستیں آپکے بچے کے اسکول میں، عام طور پر رہنما مشیر کے پاس دستیاب ہوتی ہیں-
- ستمبر سے نومبر کے دوران بائی اسکول میلوں میں شرکت کریں، منفرد بائی اسکولوں کا دورہ کرنے کے لیے وقت ملاقات لینا جاری رکھیں، داخلے کے تقاضے والے پروگراموں کے لیے بائی اسکول ڈائریکٹری دیکھیں (انٹرویو، پورٹ فولیو، معلومات سیشنز، آڈیشن، امتحانات) تاکہ آپ بہتر طور پر منصوبہ بندی کرسکیں-
- بائی اسکول کے داخلے کی ورکشاپس، اسکول اوپن ہاوس اور معلومات سیشنز میں شرکت کریں-
- دسمبر تک بائی اسکول درخواست مکمل کریں- اپنے بچے کے ساتھ ملکر کام کریں اور ایسے پروگرام منتخب کریں جو آپکے بچے کی صلاحیت کی سطح اور دلچسپیوں کا قریب ترین جوڑ ہو اور آپکے گھر سے معقول سفری وقت پر موجود ہو- یاد رکھیں، بائی اسکول درخواست پر بارہ تک انتخابات درج کیے جاسکتے ہیں-
- اگر آپ چارٹر اسکول میں دلچسپی رکھتے ہیں تو چارٹر اسکول ڈائریکٹری دیکھیں یا درخواست کی آخری تواریخ کے لیے ہر ایک اسکول سے رابطہ کریں-
- موسم خزاں اور بہار کی کانفرنس کی معیاد کے دوران اساتذہ سے ملاقات کریں-
- اپنے بچے کی پیش رفت کی نظرثانی کو جاری رکھنے کے لیے ARIS والدینی لنک استعمال کریں-
- موسم بہار کے دوران نیویارک ریاست امتحانات میں ELA، ریاضی اور سائنس شامل ہوں گے- طلبا کی نویں گریڈ کے کورسز میں تقرری کے لیے بائی اسکول ان اسکورز کا استعمال کرسکتے ہیں-
- گریڈ 8 میں بائی اسکول کے کورسز لینے والے طلبا کو بائی اسکول کریڈٹ حاصل کرنے کے لیے جون میں ریجنٹس امتحان دینا ہوگا-

گریڈ 9

- ❑ انجمن والدین کا حصہ بنیں اور اجلاسات میں شرکت کریں-
- ❑ اپنے بچے کی کسی ایک طالبانہ کلب یا سرگرمی میں شرکت کی حوصلہ افزائی کریں-
- ❑ ہر ٹرم کے رپورٹ کارڈز اور ہر سال موصول ہونے والی ٹرانسکرپٹ کو سنبھالنے کے لیے ایک فولڈر تیار کریں-
- ❑ موسم خزاں اور بہار کی کانفرنسوں میں اساتذہ سے ملاقات کریں- والدین ربط دہندہ آپکو مطلع کرسکتے ہیں اگر اساتذہ معلومات کو آن لائن دستیاب کرتے ہیں- اساتذہ، رہنما مشیر اور / یا نائب پرنسپلوں سے وقب ملاقات لینے کے لیے فون کریں- وہ آپکے لیے کچھ فارغ وقت مقرر کرنا چاہیں گے-
- ❑ ہوم ورک اور کلاس کے کام پر توجہ مرکوز کریں- ہائی اسکول مڈل اسکول سے زیادہ مسابقت طلب ہوگا اور اس میں ہر سال اضافہ ہوگا-
- ❑ یاد رکھیں کہ کالج آپکے بچے کی درخواستوں کی جانچ کے وقت گریڈ 9 کی شروعات سے تمام گریڈز پر غور کریں گے-
- ❑ اپنے بچے سے اعلٰی ترین GPA حاصل کرنے کی کوشش کرنے کی گزارش کریں تاکہ اسکے کالج کے انتخابات میں اضافہ ہو-
- ❑ www.bls.gov/oco پر پیشہ ورانہ نظریات دستی کتابچہ اور www.princetonreview.com پر پرنسٹن ریوئیو کے ساتھ طرز معاش کی تحقیق جاری رکھیں-
- ❑ یہ تجویز کریں کہ آپکا بچہ معلومات جمع کرنا شروع کرنے کے لیے ہائی اسکول کے کالج دفتر کا دورہ کرے، یا ان افراد سے رابطہ کرے جو کالج کی رہنمائی میں شامل ہیں- کالج انتخابات پر بحث کریں اور سندیافتگی پر کالج میں داخلے کی توقع پیدا کریں- کالج میں اندراج کے فوائد پر بات چیت کریں-
- ❑ ایسے تین کالجوں کی فہرست تیار کریں جن میں آپکا بچہ دلچسپی رکھے- GPA اور SAT کے تقاضے شامل کریں-
- ❑ اپنے بچے کی ایک مستحکم تعلیمی پروگرام کے انتخاب کی حوصلہ افزائی کریں بشمول دسویں گریڈ سے قبل غیر ملکی زبان کا مطالعہ (ایک ایڈوانسڈ ریجنٹس ڈپلومہ تین سال کے غیر ملکی زبان کے مطالعے کا تقاضہ کرتا ہے)-
- ❑ موسم گرما کے وقت کو کچھ سیکھنے کا وقت بنائیں- آپکو ایڈوانسڈ کورسز لینے کا انٹرن شپ (بامعاوضہ یا بلامعاوضہ) کے لیے رجسٹر کرنے کے متعلق سوچنا چاہیے- جو طلبا کلاس میں فیل ہوجاتے ہیں انہیں مزید کالج / طرز معاش کے انتخابات کو یقینی بنانے کے لیے جلد از جلد اس کلاس کو دوبارہ لینا چاہیے تاکہ وہ اپنے راستے پر جاری رہیں اور وقت پر سندیافتہ ہوں-

- اپنے بچوں کے ساتھ سندیافتگی کے تقاضوں کا جائزہ لیں بشمول مطلوبہ کورسز اور امتحانات- معلومات DOE کی ویب سائٹ یا رہنما مشیر کے ذریعے دستیاب ہیں- سندیافتگی کے تقاضوں اور کالج کی تیاری کے تقاضوں کو سمجھنا یقینی بنائیں-
- عام تعلیم طلبا کو دسویں گریڈ میں ترقی پانے کے لیے کم از کم آٹھ کریڈٹس درکار ہیں؛ 11 مکمل کرنے کی پرزور تاکید کی جاتی ہے-
- سندیافتگی کی معلومات کے لیے یہ والدینی رہنما ملاحظ کریں:
  schools.nyc.gov/RulesPolicies/GraduationRequirements/default.htm.
- اپنے ہائی اسکول کی معیاد کے دوران ہر سال کم از کم ایک کالج کا دورہ کرنے کے متعلق سوچھیں-
- اپنے بچے کی اسکول کے علاوہ مطالعہ کرنے کی حوصلہ افزائی کو جاری رکھیں-
- یہ یقینی بنائیں کہ آپکا بچہ ایک مناسب ای پتہ بنائے جیسے کالجوں اور یونیورسٹیوں، ممکنہ موسم گرم کی ملازمتوں اور انٹرن شپس کے ساتھ ابلاغ کے لیے استعمال کیا جائے گا- ہم یہ تجویز کرتے ہیں کہ آپ اپنا نام استعمال کرتے ہوئے ایک صاف اور سیدھا ای میل پتہ (yourname@gmail/yahoo وغیرہ) بنائیں- درخواستوں کی حیثیت کی زیادہ تر معلومات کو بذریعہ ای میل فراہم کیا جائے گا-
- اپنے بچے کی یاددہانی کرائیں کہ داخلے کے افسران اور مستقبل کے آجروں کے پاس فیس بک (Facebook) یا دیگر سماجی رابطوں کی ویب سائٹس پر شائع کردہ معلومات تک رسائی ہوتی ہے- آپکے بچے کو اچھے فیصلے لینے چاہیئیں اور اپنی درج / شائع کی گئی معلومات کے متعلق احتیاط برتنی چاہیے-
- SAT II موضوعاتی امتحانات کے لیے رقم بچائیں-
- یہ دریافت کریں کہ آیا AP کورسز آپکے بچے کے لیے انتخاب ہیں یا نہیں- کسی استاد، رہنما مشیر یا نائب پرنسپل سے چیک کریں-

گریڈ 10

- ❑ تعلیمی سال کے شروع میں اپنے بچے کی ٹرانسکرپٹ کا جائزہ لیں تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ تمام کورس کا کام اور امتحان کے گریڈز کو درست طریقے سے درج کیا گیا ہے- سوفمور مانا جانے کے لیے آپکے بچے کو 8-12 کریڈٹس کی ضرورت ہے-
- ❑ اگر آپکے بچے کے پاس کافی کریڈٹ موجود نہیں تو اسکول کے رہنما مشیر یا صلاح کار سے رجوع کریں-
- ❑ گریڈ 9 میں اپنے اور اپنے بچے کی تیار کردہ کالجوں کی فہرست کی تجدید کریں- تقاضوں کے متعلق معلومات حاصل کریں؛ مثال کے طور پر کچھ کالج SAT II امتحان کا تقاضہ کرتے ہیں-
- ❑ اکتوبر میں منعقد ہونے والا PSAT امتحان تمام نیویارک شہر طلبا کے لیے مفت ہے- یہ امتحان دینے کی پرزور تاکید کی جاتی ہے- یہ امتحان یہ ظاہر کرے گا SAT یا ACT کے لیے کہ کونسے موضوعاتی شعبوں میں بہتری کی ضرورت ہے- جب کوئی طالب علم گریڈ 11 میں PSAT امتحان دے گا تو وہ اسکے اسکور کی بنأ پر معیاری وظیفے کے لیے اہل ہوسکتا ہے- اسلیے یہ ضروری ہے کہ آپکا بچہ گریڈ 10 میں یہ امتحان دے تاکہ وہ اس امتحان سے واقف ہوجائے-
- ❑ موسم خزاں اور بہار کی کانفرنسوں میں اساتذہ سے ملاقات کریں-
- ❑ اپنے بچے سے اعلٰی ترین GPA حاصل کرنے کی کوشش کرنے کی گزارش کریں تاکہ اسکے کالج کے انتخابات میں اضافہ ہو-
- ❑ www.collegeboard.org پر اپنے بچے سے مفت اکاؤنٹ بنانے کی درخواست کریں-
- ❑ کالج میلوں میں شرکت کی شروعات کریں-
- ❑ اپنے بچے کی ممکنہ طور پر سب سے مسابقت طلب کورسز کے انتخاب کی حوصلہ افزائی کریں- تمام کورسز تمام طلبا کے لیے دستیاب نہیں، لیکن ہر طالب علم کو محنت کرنے کی خواہش کا مظاہرہ کرنا چاہیے-
- ❑ یہ دریافت کریں کہ آیا AP کورسز آپکے بچے کے لیے انتخاب ہیں یا نہیں- کسی استاد، رہنما مشیر یا نائب پرنسپل سے چیک کریں-
- ❑ اگر آپکا بچہ کسی مخصوص موضوع میں فائق ہے تو SAT II امتحانات دینے کے امکان پر گفتگو کریں- آپکو اس امتحان کے رجسٹر کرنے اور اسکی فیس ادا کرنے کی ضرورت ہوگی-
- ❑ اپنے ہائی اسکول میں کالج ناؤ یا دیگر کالج سطح کے کورسز کے متعلق معلومات حاصل کریں اور رجسٹر کریں-
- ❑ موسم گرما کے وقت کو کچھ سیکھنے کا وقت بنائیں- اپنے بچے کی موسم گرما کے دوران اجتماعی خدمت یا رضاکارانہ کام کرنے کی حوصلہ افزائی کریں- ہائی اسکول طلبا کے لیے سمر انسٹیٹیوٹ کی طرح، کالج ناؤ کو متعدد شہری کالجوں میں پیش کیا جاتا ہے- اگر آپ کسی خاص کالج میں دلچسپی رکھتے ہیں، تو اسکول سے ممکنہ موسم گرما پروگراموں کے متعلق جاننے کے لیے رابطہ کریں- اس موسم گرما کے دوران PSAT/SAT کے لیے مطالعہ کرنا اچھا خیال ہے؛ آپ اپنے بچے کے اسکول میں تیاری کے پروگراموں کے بارے میں جاننے کی خواہش کرسکتے ہیں-

گریڈ 11

- تعلیمی سال کے شروع میں اپنے بچے کی ٹرانسکرپٹ کا جائزہ لیں تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ تمام کورس کے کام اور امتحان کے گریڈز کو درست طریقے سے درج کیا گیا ہے- آپکے بچے کو جونئر ماننے کے لیے اسکے پاس 22-20 کریڈٹس ہونے چاہیئیں بشمول انگریزی میں چار اور مطلوبہ معاشرتی علوم کورسز میں چار کریڈٹس ہونے چاہیئیں- اگر آپکے بچے کے پاس کافی کریڈٹ موجود نہیں تو اسکول کے رہنما مشیر یا صلاح کار سے رجوع کریں-
- آپکے بچے کے لیے تمام آخری تواریخ کی تکمیل نہایت اہم ہے- اگر آخری تاریخ گزر جاتی ہے تو انکے ساتھ ساتھ انتخابات سے ہاتھ دھونے پڑیں گے-
- یہ یقینی بنائیں کہ آپکا بچہ خزاں میں PSAT امتحان دے- یہ قومی معیاری اور حصولیابی کے وظیفوں کی اہلیت کا امتحان ہے-
- SAT اور ACT امتحانات کے لیے دفتر رہنمائی سے جدول حاصل کریں- اپنے بچے کے مئی یا جون میں درکار امتحان (امتحانات) دینے کے انتظامات کریں-
- دستیاب امتحانی تیاری کے پروگراموں کے متعلق سوچیں، انکا انتخاب کریں جو آپکے خاندان کے جدول اور مالیت کے لیے بہترین ہوں- کبھی کبھار اسکول خود تیاری کی کلاسوں کی پیش کش کرتے ہیں- اپنے اسکول سے انکے متعلق دریافت کریں-
- اسکول لنچ فارم پُر کریں؛ اس سے آپکو SAT اور ACT امتحانات کے لیے فیس کے بازنامے حاصل کرنے میں مدد ہوسکتی ہے-
- موسم خزاں اور بہار کی کانفرنسوں میں اساتذہ سے ملاقات کریں-
- کالج کے میلوں میں شرکت کریں، کالجوں کے دورے کریں اور یہ یقینی بنائیں کہ آپ داخلے کے معیارات، متعلقہ اخراجات اور داخلے کے طریق عمل کو سمجھیں-
- اپنے بچے کے لیے دونوں اسکول کے اندر اور اسکول سے باہر غیرنصابی اور معاون نصابی سرگرمیوں کی اعانت اور وسعت جاری رکھیں- مطلوبہ کورسز کے علاوہ سرگرمیوں کو ملازمت کے لیے اور ساتھ ساتھ بائی اسکول کے بعد تعلیم حاصل کرنے کی درخواست دینے کے لیے اثاثہ مانا جاتا ہے-
- اگر انکی دلچسپی کا کالج انکا تقاضہ کرتا ہے تو یہ یقینی بنائیں کہ آپکا بچہ SAT II امتحانات کے لیے رجسٹر کرے-
- دلچسپی کے کالجوں کے کیمپس کا دورہ کریں- متعدد کالج اپنی ویب سائٹ پر ورچوئل دورے دستیاب کرتے ہیں اسلیے اگر آپ جسمانی طور پر سفر کرکے اسکول کا دورہ نہیں کرسکتے تو اس انتخاب سے مستفید ہوں-
- اپنے اسکول میں زیر کفالت تمام کالج کی پیش کشوں میں شرکت کریں؛ کچھ اسکولوں نے مخصوص مہینہ

بہ مہینہ جدول تیار کیے ہوتے ہیں تاکہ طلبا اپنی کالج کی تلاش میں پیچھے نہ رہ جائیں- آپکو اپنے دفترِ رہنمائی سے اس کیلنڈر کو حاصل کرنی چاہیے اور اسے ایسی جگہ آویزاں کرنا چاہیے جہاں آپ اور آپکا بچہ اس پر عمل کرسکیں-

- ❑ اپنے بچے کی ممکنہ طور پر سب سے مسابقت طلب کورسز کے انتخاب کی حوصلہ افزائی کریں- تمام کورسز تمام طلبا کے لیے دستیاب نہیں، لیکن ہر طالب علم کو محنت کرنے کی خواہش کا مظاہرہ کرنا چاہیے-
- ❑ اپنے بچے سے اعلیٰ ترین GPA حاصل کرنے کی کوشش کرنے کی گزارش کریں تاکہ اسکے کالج کے انتخابات میں اضافہ ہو-
- ❑ اپنے بچے کی ایک موسم گرما کی سرگرمی کے انتخاب میں مدد کریں جسے سے انکی صلاحیتوں کو فروغ ملنے میں مدد ہو، تعلیمی کارکردگی بہتر ہو اور انکے طرز معاش کے ابداف کی وضاحت ہو-
- ❑ موسم گرم کے وقت کو اضافی دلچسپی کے کیمپس کا دورہ کرنے کے لیے استعمال کریں اور اپنے بچے کی ملازمت، انٹرن شپ، SAT یا کالج کی تیاری کے پروگرام کی تلاش کی حوصلہ افزائی کریں-
- ❑ اپنے ہائی اسکول میں کالج ناؤ یا دیگر کالج سطح کے کورسز کے متعلق معلومات حاصل کریں اور رجسٹر کریں-
- ❑ FAFSA 4Caster مکمل کریں اور یہ تعین کرنے کے لیے اپنے بچے کی رہنما مشیر کے ملاقات کروائیں کہ آیا بچہ نیویارک ریاست اعلی تعلیمی موقع کے پروگرام (HEOP) کے لیے اہل ہے یا نہیں- اضافی تفصیلات کے لیے ملاحظہ کریں:
  ww.highered.nysed.gov/kiap/colldev/HEOP/documents/HEOPWebBrochure2011-12.pdf
- ❑ اپنے بچے سے اسکی کالج کی فہرست کا پہلا خاکہ تیار کرنے کی گزارش کریں جس میں ہر زمرے میں ایک اسکول شامل ہو: محفوظ اسکول، ابدافی اسکول اور کوشش والے اسکول-
- ❑ اپنے بچے کے اس مضمون کا پہلا خاکہ تیار کرنے کی گزارش کریں جسے وہ درخواستوں اور وظیفوں کے لیے استعمال کرے گا-
- ❑ اگر آپ فیس کے بازناموں کے لیے اہل نہیں تو درخواستوں کی فیس، بشمول CUNY کے لیے بچت شروع کردیں کیونکہ اب اسکے لیے بھی ذرا کم فیس کے بازنامے دستیاب ہیں-

گریڈ 12

- ❑ تعلیمی سال کے شروع میں اپنے بچے کی ٹرانسکرپٹ کا جائزہ لیں تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ تمام کورس کے کام اور امتحان کے گریڈز کو درست طریقے سے درج کیا گیا ہے- آپکے بچے کو سینئر ماننے کے لیے اسکے پاس 30 یا زائد کریڈٹس ہونے چاہیئیں-
- ❑ یہ یقینی بنانے کے لیے اپنے بچے کے مشیر اور اساتذہ کے ساتھ باقاعدہ رابطے میں رہیں کہ آپکے بچے نے وقت پر سندیافتہ ہونے کے لیے درکار کلاسیں اور امتحان مکمل لیے ہیں-
- ❑ موسم خزاں اور بہار کی کانفرنسوں میں اساتذہ سے ملاقات کریں-
- ❑ یہ یقینی بنائیں کہ آپکے بچے کے پاس سوشل سکیورٹی نمبر ہو جس کی درخواستوں پر ضرورت ہوگی-
- ❑ اپنے بچے کی سوانح حیات کے ساتھ مدد کریں، جسکا کالج داخلے کے افسر اکثر تقاضہ کرتے ہیں- ایسے مضامین میں جدوجہد کی اعانت کریں جو کالج درخواستوں کا حصہ ہیں- اپنے بچے کے لیے مضمون تحریر کرنے کی **تحریص کا مقابلہ کریں**- پیش کے گئے کام پر ایک ٹین ایجر کی تحریر کی نشان زدگی ہونی چاہیے-
- ❑ وظیفوں کے لیے درخواست دیں- اسکا مطلب اپنے اثاثے اور آمدنی کی معلومات افشاں کرنا ہوگا- اپنے ٹیکس کے ریکارڈز اور W-2 فارمز وغیرہ کی نقل بنائیں-
- ❑ اگر انکی دلچسپی کا کالج انکا تقاضہ کرتا ہے تو یہ یقینی بنائیں کہ آپکا بچہ SAT II امتحانات کے لیے رجسٹر کرے-
- ❑ یہ یقینی بنائیں کہ آپکا بچہ ان اسکولوں کے داخلے کے طریق عمل اور آخری تواریخ کی تحقیق کرے جن میں وہ درج ہونے میں دلچسپی رکھتا ہے-
- ❑ کالج سے موصول ہوئے تمام مراسلات کا جائزہ لیں- اپنے مشیر کے ساتھ ملکر مالی امداد کے پیکجز کا موازنہ کرنے اور یہ تعین کرنے کے لیے کام کریں کہ کس اسکول میں اندراج کرنا چاہیے-
- ❑ یہ یقینی بنائیں کہ آپکا بچہ تمام درکار اندراجی دستاویزات اور درکار رقم جمع کرادے- کالج آپ کے لیے اس صورت میں نشست محفوظ نہیں کریں گے اگر انکو رقم اور دستاویزات وصول نہ ہوں-
- ❑ یہ یقینی بنائیں کہ آپکا بچہ تمام درکار کالج کی واقفیت اور تشخیصاتی امتحانی نشستوں میں شرکت کرے-
- ❑ "سینئرآئٹس" کے علامات کے لیے خبردار رہیں- دقت طلب کالج داخلہ کے طریق عمل کے بعد اکثر طلبا حوصلہ شکنی کے دور سے گزرتے ہیں- اپنے بچے سے انکے ہوم ورک اور کلاس کے کام کے متعلق دریافت کریں- حاضری چیک کریں- (ہر اسکول کا ایک دفترِ حاضری ہوتا ہے جو آپکو باضابطہ غیرحاضریوں کے کے متعلق اور ساتھ ساتھ موضوعاتی کلاس سے غیر حاضریوں کے متعلق مطلع کرتا ہے-) بہار کے سمیسٹر تک اپنے بچے پر نظر رکھیں- اگر آپکا بچہ کسی بھی مضمون میں فیل ہوجاتا ہے تو وہ وقت پر سندیافتہ نہیں ہوسکتا ہے؛ یہ بھی ممکن ہے کہ اگر آپکے بچے کے حتمی گریڈز گذشتہ سات ٹرمز کے گریڈز کے مماثل نہیں تو کالج قبولیت یا وظیفے کی امداد کے فیصلے کو تبدیل کرلے-

گریڈ 12 جاری

❑ اکتوبر، نومبر، دسمبر، جنوری، اپریل اور مئی کے مہینوں کے لیے ذیلی مقامِ ترقی پر نظر رکھیں:

- اکتوبر – یہ یقینی بنائیں کہ آپکا بچہ CUNY میں درخواست جمع کرا دے- یہ یقینی بنائیں کہ آپکا بچہ لوگوں سے تعریفی خطوط کی درخواست کرے- بچے کو اساتذہ، مشیران اور ایسے افراد کے متعلق سوچنا چاہیے جو اسکے کام، رضاکارانہ شمولیت اور غیر نصابی سرگرمیوں سے واقف ہوں-
- نومبر – یہ یقینی بنائیں کہ آپکا بچہ SUNY میں درخواست جمع کرا دے، بشمول SAT اسکور-
- دسمبر – یہ یقینی بنائیں کہ آپکا بچہ نجی اسکولوں میں درخواست جمع کرا دے، بشمول اضافی درخواستیں اور SAT اسکور-

  – اپنے بچے سے دسمبر سے قبل SAT اور / یا ACT دینے کی گزارش کریں- اگر اسکا اچھا اسکور نہیں آتا تو متعدد کالجوں کی آخری تاریخ سے قبل دوبارہ امتحان دینا ممکن ہوسکتا ہے-

  – 1 فروری سے قبل FAFSA مکمل کریں-
- جنوری – یہ یقینی بنائیں کہ اگر آپکا بچہ HEOP کے لیے اہل ہے تو درکار فارمز اور مضامین کو جمع کرا دیا گیا ہے-
- اپریل – آپ اور آپکا بچہ فیصلے کے خطوط کا جائزہ لیں گے- کالج مشیر کے ساتھ ملکر کام کریں اور یہ فیصلہ کریں کہ آپکا بچہ کس اسکول میں اندراج کرائے گا- یاد رکھیں، آپ دونوں کو یہ فیصلہ ساتھ ملکر کرنا ہے-
- مئی – اپنی پسند کے اسکول میں اپنے مکمل شدہ رجسٹریشن کے فارمز جمع کرا دیں- رہائش کے فارمز (اگر ضرورت ہو) اور طبی فارمز مکمل کریں اور رقم جمع کروائیں-

انٹرنیٹ وسائل

عام تعلیمی معلومات

نیویارک شہر محکمۂ تعلیم	schools.nyc.gov
نیویارک ریاست محکمۂ تعلیم	www.nysed.gov
ریاستہائے متحدہ محکمۂ تعلیم	www.ed.gov
نیویارک شہر خدمت اطفال کے تعلیمی وسائل	www.nyc.gov/html/acs/education

ہوم ہورک امداد

ریاستہائے متحدہ محکمۂ تعلیم	www2.ed.gov/parents/academic/help/hyc.html
ڈسکوری ایجوکیشن	school.discoveryeducation.com/homeworkhelp
انفو پلیز ہوم ورک	www.infoplease.com/homework
نیویارک شہر پبلک لائبریری	www.homeworknyc.org
نیویارک شہر ڈائل اے ٹیچر	www.uft.org/dial-a-teacher

امتحانی تیاری

ریجنٹس ریویو 2.0	www.regentsreviewlive.net
گھریلو تدریس -- مڈل اسکول امتحانات	www.homeinstructionschools.com/shack/3-8examreview
گھریلو تدریس -- ریجنٹس امتحان جائزہ	www.homeinstructionschools.com/regents
ریجنٹس امتحان تیاری مرکز	www.regentsprep.org
نیویارک ریاست محکمۂ تعلیم	www.nysedregents.org
کالج بورڈ (PSAT, SAT, AP)	www.collegeboard.org
ACT	www.act.com
Number 2.com	www.number2.com

(انٹرنیٹ وسائل جاری)

طرزمعاش معلومات

پیشہ ورانہ نظریات دستی کتابچہ	www.bls.gov/oco
میپنگ یؤر فیوچر	www.mappingyourfuture.org
ریاستہائے متحدہ محکمہ برائے مزدورانہ شماریات	www.bls.gov/k12
کرئیر اکسپرلرر	www.careerexplorer.net
کرئیرز اینڈ کالج	www.careersandcolleges.com
کالج بورڈ	myroad.collegeboard.com/myroad/snavigator.jsp
پرنسٹن ریؤیو	www.princetonreview

کالج کی تلاش، درخواست، اور مالی معلومات

نیشنل ایپلیکیشن سینٹر	www.nationalappcenter.com
نیؤ وژنز فار پبلک اسکول، دا روڈ ٹو کالج	www.newvisions.org/the-road-to-college/overview
نیویارک شہر محکمۂ تعلیم، طلبا کو کالج کے لیے تیار کرنے کے وسائل	docs.nycenet.edu/docushare/dsweb/Get/Document-331/College%20guide%2007_01_08
نیشنل اسوسیشن فار کالج ایڈمشن کاؤنسلنگ	www.nacacnet.org
آل اباؤٹ کالج	www.allaboutcollege.com
کمپیس ٹوئرز	www.campustours.com
کامن ایپلیکیشن	www.commonapp.org
سٹی یونیورسٹی آف نیویارک (CUNY)	www.cuny.edu
اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیویارک (SUNY)	www.suny.edu
نیویارک لرنز (ریاستی محکمۂ تعلیم)	www.highered.nysed.gov/NYLearns/home.html
ایجوکیشن پلینر	www.educationplanner.org
مائی ایسسے	www.myessay.com
کالج ٹول کٹ	www.collegetoolkit.com

مالی امداد اور وظیفے

فاسٹ ویب وظیفے کی تلاش	www.fastweb.com/
FAFSA	www.fafsa.ed.gov
وفاقی طالبانہ امداد	www.studentaid.ed.gov
نیویارک ریاست اعلٰی تعلیمی خدمات	www.hesc.com
ریاستہائے متحدہ محکمۂ تعلیم	www2.ed.gov/finaid
Scholarships.com	www.scholarships.com
دستاویزات کے بغیر طلبا کے لیے	www.finaid.org/otheraid/undocumented.phtml *and* www.getreadyforcollege.org/gpg.cfm?pageid=1586&1534-d83a_1933715a=d87c2125f86

کثیر ثقافتی وسائل

فرسٹ ان دا فیملی	www.firstinthefamily.org
گیٹس ملینیئم اسکالرشپ فنڈ	www.gmsp.org
ہسپینک اسوسیشن آف کالجز؛ اینڈ یونیورسٹیز	www.hacu.net
ہسپینک ہیرٹیج اسکالرشپ لسٹ	www.hispanicheritage.org/youth.php
ہسپینک اسکالرشپ فنڈ	www.latinocollegedollars.org/directory.htm
NAACP اسکالرشپ مواقع	www.naacp.org/page/s/scholarship2
نیشنل اربن لیگ کالج کا والدینی رہنما	www.nyul.org/pages/Parent_Guide_Order_Form
یونائٹڈ نیگرو کالج فنڈ	www.uncf.org
ہسٹاریکل بلیک کالجز اینڈ یونیورسٹیز	www.hbcuconnect.com
اقلیتوں کے لیے 200 مفت اسکالرشپس	www.blackexcel.org/200-Scholarships.html
بلیک کالج ڈالرز	www.blackcollegedollars.org
زمرہ کے لحاظ سے وظیفوں کی فہرست	www.scholarships.fatomei.com/minorities.html
سیاہ فام طلبا کے لیے وظیفے اور مزید	www.blackstudents.com

ایک نظر میں کیلنڈر

گریڈ	ستمبر / اکتوبر	نومبر / دسمبر	جنوری / فروری	مارچ / اپریل	مئی / جون
تمام	اہم تواریخ کے لیے schools.nyc.gov پر والدینی لنک پر لاگ آن کریں- اسکول کو معلومات کے لیے فون کرتے ہوئے اپنے شناخت کی تصدیق کروانے کے لیے اپنے بچے کے OSIS آئی ڈی نمبر کی نقل ساتھ رکھیں- لنچ فارم مکمل کریں- روزانہ حاضری، ہوم ورک اور کلاس کے کام پر نظر رکھیں-	**موسم خزاں کی والدین استاد کانفرنسوں میں شرکت کریں-** روزانہ حاضری، ہوم ورک اور کلاس کے کام پر نظر رکھیں-	وسط سالہ رپورٹ کارڈز- اگر ضرورت ہو تو اساتذہ کے ساتھ وقتِ ملاقات کے لیے فون کریں- ARIS (محکمۂ تعلیم کا اعدادوشمار کا نظام بمع تعلیمی اور حاضری کا اعدادوشمار) اور / یا اسکول اور اساتذہ کی ویب سائٹس پر طالبانہ پیش رفت چیک کریں- روزانہ حاضری، ہوم ورک اور کلاس کے کام پر نظر رکھیں-	**موسم بہار کی والدین استاد کانفرنسوں میں شرکت کریں-** روزانہ حاضری، ہوم ورک اور کلاس کے کام پر نظر رکھیں-	موسم گرم پروگراموں، مطلوبہ امتحانات اور حتمی رپورٹ کارڈز کے متعلق والدین ربط دہندہ سے رابطہ کریں- روزانہ حاضری، ہوم ورک اور کلاس کے کام پر نظر رکھیں-
6th	گھر پر مطالعہ کرنے کی جگہ کا انتظام کریں- انجمن والدین کے بارے میں جانیں اور ان کا حصہ بنیں- بچے کو نئے اسکول سے مطابقت میں مدد کریں-	بچے کے OSIS آئی ڈی نمبر کی نقل ساتھ رکھیں- جب آپ اسکول کو معلومات کے لیے فون کرتے ہیں تو اسے اکثر حفاظت برقرار رکھنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے-	وسط سالہ رپورٹ کارڈز- DOE ویب کے ذریعے ARIS پر لاگ ان کریں- اپنے بچے کی پش رفت اور حاضری پر نظر رکھیں-	موسم گرم پروگراموں کے متعلق معلومات حاصل کریں- اپنے بچے کے اگلے سال کے کورسز کی نظرثانی کریں- ریاستی امتحانات کی تیاری کریں-	موسم گرم پروگراموں کے لیے رجسٹر کریں- ELA استاد سے مطالعے کی فہرست حاصل کریں- ہر ٹرم کے رپورٹ کارڈز سنبھالنے کے لیے ایک فولڈر بنائیں- نیویارک ریاست ELA اور ریاضی امتحانات-
7th	برو پیما اور شہر پیما بائی اسکول میلوں میں شرکت کو شروع کردیں-	دوروں کا انتظام کرنے کے لیے بائی اسکولوں کو فون کریں- دلچسپی کے بائی اسکولوں کا دورہ کریں-	بائی اسکول درخواست کے طریق عمل کے بارے میں جاننے کے لیے دیگر والدین سے ملاقات کریں- وسط سالہ رپورٹ کارڈ-	موسم گرم پروگراموں کے متعلق معلومات حاصل کریں- اپنے بچے کے اگلے سال کے کورسز کی نظرثانی کریں-	نیویارک ریاست ELA اور ریاضی امتحانات-
8th	اوپن ہاوس، دوروں، آڈیشن وغیرہ کے بارے میں جاننے کے لیے بائی اسکول ڈائریکٹری کا استعمال کریں- متخصص بائی اسکول داخلہ امتحان کے لیے رجسٹر کریں- بائی اسکول میلے اور اوپن ہاوس میں شرکت کریں-	بائی اسکول درخواست مکمل کریں- اضافی معلومات کے لیے رہنما مشیر سے ملاقات کریں-	وسط سالہ رپورٹ کارڈ- ARIS پر طالب علم کی پش رفت چیک کریں- DOE کی جانب سے طالب علم - بائی اسکول میچ کی اطلاعات کا مئین راؤنڈ-	DOE طالب علم - بائی اسکول میچ کی ضمنی اطلاعات بھیجتا ہے-	نیویارک ریاست ELA اور ریاضی اور سائنس امتحانات- ایڈوانسڈ کورسز کے لیے ریجنٹس- نئے اسکول واقفیتی اجلاس میں شرکت کریں اگر منعقد ہو-

گریڈ	ستمبر / اکتوبر	نومبر / دسمبر	جنوری / فروری	مارچ / اپریل	مئی / جون
9th	نئے لنچ فارم مکمل کریں- انجمن والدین کا حصہ بنیں- روزانہ کی حاضری اور کام پر نظر رکھنا جاری رکھیں- **موسم خزاں کی والدین استاد کانفرنسوں میں شرکت کریں-**	اسکولی ویب سائٹ، دستی کتابچہ یا ویب سائٹ استعمال کرکے رپورٹ کارڈز، امتحان دینے، کلاس کے جدول وغیرہ کے بارے میں اسکول پیما قوانین، طریق عمل اور گوشوارہ وقت کے متعلق جانیں-	اختتامی ٹرم رپورٹ کارڈ حتمی گریڈز کی نشاندہی کرتا ہے- طلبا سندیافتگی کے تعین کریڈٹ حاصل کرتے ہیں- اگر ضرورت ہو تو اختتامی ٹرم رپورٹ کارڈ کے بعد استاد سے ملاقات کے واسطے وقت لینے کے لیے فون کریں-	موسم گرم پروگراموں کے متعلق معلومات حاصل کریں- اگلے سال کے کورسز کے انتخابات کی نظرثانی کریں- ممکنہ AP یا ایڈوانسڈ کورسز کے لیے رہنما مشیر یا صلاح کار سے رجوع کریں- **موسم بہار کی والدین استاد کانفرنسوں میں شرکت کریں-**	ریاضی اور سائنس میں ممکنہ نیویارک ریاست ریجنٹس امتحانات-
10th	گریڈز، کورس کے سلسلوں اور حاصل کردہ کریڈٹس کے لیے بچے کی ٹرانسکرپٹ کا جائزہ لیں- PSAT امتحان- **موسم خزاں کی والدین استاد کانفرنسوں میں شرکت کریں-**	بائی اسکول کالجوں کی زیر کفالت کالج میلوں میں شرکت شروع کریں- اگر ضرورت ہو تو دوسرا رپورٹ کارڈ حاصل کرنے کے بعد اساتذہ کے ساتھ وقت ملاقات کے لیے فون کریں-	اختتامی ٹرم رپورٹ کارڈ- اگر ضرورت ہو تو استاد سے ملاقات کے واسطے وقت لینے کے لیے فون کریں- ARIS پر طالب علم کی پش رفت چیک کریں-	موسم گرم پروگراموں کے متعلق معلومات حاصل کریں- اگلے سال کے کورسز کے انتخابات کی نظرثانی کریں- **موسم بہار کی والدین استاد کانفرنسوں میں شرکت کریں-**	ریاضی، سائنس، عالمی تاریخ میں نیویارک ریاست ریجنٹس امتحانات- SAT II اگر تجویز کی گئی ہو- ایڈوانسڈ پلیسمنٹ کورسز کے طلبا کے لیے AP امتحانات-
11th	مذکورہ کے لیے بچے کی ٹرانسکرپٹ کا جائزہ لیں- PSAT امتحان- **موسم خزاں کی والدین استاد کانفرنسوں میں شرکت کریں-**	کالج میلوں میں شرکت کریں- دلچسپی کے کالجوں کا دورہ کریں- تلاش میں مدد کے لیے کالج دفتر سے رجوع کریں-	اختتامی ٹرم رپورٹ کارڈ- اگر ضرورت ہو تو استاد سے ملاقات کے واسطے وقت لینے کے لیے فون کریں- سینئر سال کی مالی امداد کی درخواستوں کے لیے آمدنی کے ٹیکس کا فارم 1040 سنبھال کر رکھیں-	موسم گرم پروگراموں کے متعلق معلومات حاصل کریں- اگلے سال کے کورسز کے انتخابات کی نظرثانی کریں- طلبا SAT/ACT دیتے ہیں- کالج کی تلاش اور مالی امداد کے مواقع کے لیے کالج دفتر سے مدد لیں-	ریاضی، سائنس، انگریزی، عالمی تاریخ میں نیویارک ریاست ریجنٹس امتحانات- اگر ایڈوانسڈ پلیسمنٹ کورسز لیے ہوں تو AP امتحانات-
12th	بچے کی ٹرانسکرپٹ کا جائزہ لیں- طلبا کو کالج کی درخواستوں کے لیے سوانح حیات اور مضامین تحریر کرنے ضروری ہیں- **موسم خزاں کی والدین استاد کانفرنسوں میں شرکت کریں-**	SAT I اور II، ACT امتحانات- کالج کی درخواستیں مکمل کریں- کالجوں کا دورہ کریں-	اختتامی ٹرم رپورٹ کارڈ- ARIS پر سندیافتگی کی جانب طالب علم کی پش رفت چیک کریں- وظیفوں کے لیے درخواست دیں، ممکنہ مالی امداد کے لیے FAFSA پر کریں-	حاضری، کلاس کے کام اور ہوم ورک پر کڑی نظر رکھیں- **کالج میں قبولیت کے خطوط سندیافتگی کی ضمانت نہیں دیتے-**	AP امتحانات- حتمی ریجنٹس امتحانات سندیافتگی یا ایڈوانسڈ ریجنٹس سرٹیفیکیشن کے لیے درکار ہیں-